نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	در بارہ خرید و فروخت سنکھیا
۱۷۷	اگر کسی شخص کی نسبت بلا حصول لائیسنس سنکھیا فروخت کرنا ظاہر و ثابت ہوگا تو اس کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جس کی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔ اور جو سنکھیا اُسکے پاس سے برآمد ہوگا وہ ضبط کیا جاوے گا۔
	در بارہ خرید و فروخت کارتوس و پٹاخہ
۱۷۸	اگر کسی لائیسنس دار کی نسبت بلا ادائے محصول سایرات سامان از قسم بارود انگریزی و پٹاخہ و کارتوس منگانا ثابت ہوگا تو علاوہ ضبطی مال تجویز سزائے جرم عدول حکمی بھی کی جاویگی۔ اگر کوئی شخص قواعد مجریہ کی پابندی نہیں کرے گا یا رجسٹر میں غلط حساب خرید و فروخت کا درج کرے گا یا وقت تلاشی مال کو پوشیدہ کردے گا تو تین سال تک قید یا جرمانہ یا ہر دو کا مستوجب گا۔ اگر کوئی لائیسنس دار بجز رعایا علاقہ راج یا اُس شخص کے جو بذریعہ تجارت یا ملازمت علاقہ راج میں سکونت پذیر ہو کسی شخص ساکن علاقہ غیر کے ہاتھ مال فروخت کرے گا یا مال کا فروخت کرنا ثابت ہوگا تو وہ لائیسنس دار چھ مہینے تک قید یا جرمانہ یا ہر دو کا مستوجب ہوگا اور لائیسنس اُس کا ضبط کرلیا جاوے گا۔
	در بارہ تجارت پٹرول موبل آئل گریس وغیرہ
۱۷۹	اگر کسی شخص کی نسبت بلا حصول لائیسنس پٹرول - موبل آئل - گریس وغیرہ سامان متعلقہ موٹر کی تجارت کرنا ظاہر و ثابت ہوگا تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

تمت

نمبر	تعریف جرم و سزا
	جو شخص ایسے مکان میں جوا کھیلتا یا جس کا کھیلنے کی نیت سے وہاں موجود ہونا ثابت ہو جاوے گا وہ ۱۰۰ روپیہ تک جرمانہ یا ایک ماہ قید کا مستوجب ہوگا جو آلہ قمار بازی گرفتار ہونگے وہ سب تلف کر دیے جائینگے اور جو روپیہ یا مال قمار بازوں کے پاس سے برآمد ہوگا اور وہ بغرض قمار بازی لایا جانا ثابت ہوگا تو ایسا روپیہ و مال بھی بلحاظ خفت و سنگینی جرم باقتضاے راے مجوز ضبط سرکار ہو سکے گا۔
	جو شخص قمار بازی میں ایک دفعہ سزا پاکر پھر اُسی جرم کا مرتکب ہوگا تو بلحاظ خفت و سنگینی جرم بہ نسبت سابق زیادہ سزا کا مستوجب ہوگا مگر ۲۰۰ روپیہ جرمانہ یا ایک سال سے زیادہ قید کسی حالت میں کسی کو نہیں دی جائیگی۔
	سودا بارش
۱۷۵	اگر کوئی شخص سودا بارش کرے تو اُس کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا ایک ہزار روپیہ تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	دربارہ خرید و فروخت کوکین
۱۷۶	باستثناے شفاخانہ موسومہ میو ہاسپٹل یا اُس ڈاکٹر کے جسکو باضابطہ محکمہ عالیہ کونسل سے اجازت دی گئی ہو اگر کسی شخص کی نسبت کوکین بنا بر فروختگی یا استعمال منگانا ثابت ہوگا یا اُس کا فروخت کرنا یا اپنے پاس رکھنا پایا جاوے گا تو شخص مذکور مستوجب سزاے قید ہوگا جسکی میعاد چھ مہینہ تک ہو سکتی ہے یا ایک ہزار روپیہ تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	ملازمان شفاخانجات اگر کوکین فروخت کریں تو خیانت مجرمانہ کے مجرم قرار پائینگے اور کوکین برآمدہ ضبط کی جاکر میو ہاسپٹل میں بھیجدی جاویگی۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	تین برس یا زیادہ کی قید مقرر ہے تو ایسے ہر ایک نئے جرم کی پاداش میں شخص مذکور حبس دوام یا قید کی سزا جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے مستوجب ہوگا۔
	غیر حاضری مینگان چوکیدار پیشہ
۱۷۳	جو کوئی مینہ چوکیدار پیشہ بلا حصول ٹکٹ اپنے مسکن سے غیر حاضر ہوجاوے تو اسکو بصورت ثبوت جرم ایک سال تک قید کی سزا دی جائیگی اور اگر مینہ مذکور پیشتر بھی بجرم غیر حاضری یا اور کسی جرم میں ایک بار یا اس سے زیادہ سزا پاچکا ہو تو اس صورت میں اسکو سزائے قید دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہوسکتی ہے۔
	قمار بازی
۱۷۴	قمار بازی کی کوئی خاص شکل نہیں ہے۔ تاش۔ گنجفہ۔ چوسر کعبتین خرمہرہ وغیرہ سے یہ کھیل ہوسکتا ہے اور اس قسم کے سب کھیل جس میں روپیہ اور مال کی ہار جیت ہو اور جو شاہراہ عام یا کسی ایسے مکان یا احاطہ میں کھیلے جاویں کہ جو عام طور پر جواریوں کا اکھاڑہ یا مجمع گاہ سمجھا جاتا ہے داخل قمار بازی و قابل مواخذہ ہونگے ذریعہ لڑائی جانوران مثل مینڈھا۔ مرغ۔ تیتر۔ لوا۔ بٹیر وغیرہ عام طور پر مال و روپیہ کی ہار جیت ہونا بھی داخل جرم قمار بازی ہے۔
	تنبیہ
	محض تفریح طبع کے لئے بلا کسی ہار جیت کے یہ ہی کھیل خواہ کسی جگہ کھیلے جاویں یا وہ کھیل جن میں عقل و تدبیر سے کام لیا جاتا ہو داخل قمار بازی نہ ہونگے۔
	سزائے قمار بازی
	جو کوئی شخص اپنے مکان یا احاطہ وغیرہ میں جان بوجھکر کسی قسم کی قمار بازی عام طور پر ہونے دیگا وہ ۲۱؍ تک جرمانہ یا تین ماہ تک قید کا مستوجب ہوگا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	درباره اخذ مچلکہ یا ضمانت حفظ امن و نیک چلنی
۱۷۱	جب کسی حاکم با اختیار صیغہ فوجداری کو اطلاع ملے کہ کوئی شخص اسکے حدود اراضی کے اندر بہ ارادہ ارتکاب جرم چھپا ہوا رہتا ہے اور خیال قوی ہے کہ وہ کسی جرم کا مرتکب ہو یا یہ کہ ایسی حدود کے اندر ایک ایسا شخص ہے جو بظاہر کوئی سبیل معاش کی نہیں رکھتا ہے یا جو اپنا حال حسب اطمینان نہیں بیان کرسکتا ہے یا عادتاً سرقہ بالجبر کرنے والا یا نقب زن یا چور ہے یا عادتاً مال مسروقہ کو مسروقہ جانکر لیا کرتا ہے یا عادتاً چوروں کی محافظت کرتا ہے یا ان کو پناہ دیتا ہے یا مال مسروقہ کے چھپانے یا تصرف کرنے میں مدد دیتا ہے یا عادتاً نقصان رسانی یا استحصال بالجبر یا دغا کرتا ہے یا سکہ یا کرنسی نوٹ یا کاغذ اسٹامپ کی تلبیس کرتا ہے یا اسکے اقدام کا ارادہ رکھتا ہے یا عادتاً جرائم منجر بہ نقض امن کا مرتکب ہوتا ہے یا انکے ارتکاب کا اقدام کرتا ہے یا ان کے ارتکاب میں اعانت کرتا ہے یا ایک ایسا جان پر کھیلنے والا خطرناک آدمی ہے کہ اگر وہ بے ضمانت رہے تو خلایق کو اندیشہ ضرر ہوگا تو اس حاکم ضلع کو اختیار ہوگا کہ ایسے اشخاص سے مچلکہ مع ضمانت نیک چلنی طلب کرے جسکی میعاد تین برس سے زائد نہ ہو اور اگر وہ شخص جسکو حکم واسطے ادخال ضمانت کے دیا گیا ہو ایسی ضمانت داخل نہ کرے تو اسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	متعلق مجرمان سزایافتہ سابق
۱۷۲	اگر کسی شخص پر کوئی ایسا جرم ثابت ہو چکا ہو جسکی پاداش میں قانون جرائم کے دفعات ۷۳ - ۷۴ - ۷۵ - ۷۶ متعلق سکہ و اسٹامپ و دفعات ۱۲۰ لغایت ۱۵۱ متعلق مال کی رو سے تین برس یا زیادہ کی قید مقرر ہے اور وہ شخص پھر کسی ایسے جرم کا مرتکب ہو جسکے پاداش میں کسی دفعہ مندرجہ صدر کی رو سے

دفعات	تعریف جرم و سزا
	گاؤکشی کرنا
۱۶۶	جو کوئی شخص دیدہ و دانستہ بالارادہ گاؤ یا نرگاؤ کو ہلاک کرے تو اسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا
	گاؤکشی میں اعانت کرنا
۱۶۷	جو کوئی شخص گاؤکشی میں اعانت کرے یا گاؤ یا نرگاؤ کو ضرب شدید پہونچانے میں اعانت کرے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد پانچ برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	علاقہ غیر سے گوشت گاؤ یا نرگاؤ لاکر یہاں اُسکی خرید و فروخت کرنا
۱۶۸	جو کوئی شخص علاقہ غیر سے گوشت گاؤ یا نرگاؤ لاکر یہاں خرید و فروخت کرے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہوسکتی ہے یا دو سو روپیہ تک جرمانہ کیا جائیگا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	جانوران ممنوعہ کا مارنا
۱۶۹	جن جانوروں کے مارنے کی مثل مور کبوتر گنجشک وغیرہ کی ممانعت ہے اُنکو کوئی شخص مارے تو اُس شخص کو جرمانہ کی سزا دی جائیگی جسکی مقدار پچاس روپیہ تک ہوسکتی ہے۔
	جانوران ممنوعہ کا بادہی کرنا
۱۷۰	بیل وغیرہ جانوروں کہ جنکا روا جاً بادہی کرنا ممنوع ہے اُنکو کوئی شخص بادہی کرے تو اسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	چوبیس گھنٹہ تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پچاس روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

باب۱۸ جرموں کے ارتکاب کرنے کے اقدام کے بیان میں

کسی جرم کے ارتکاب کا اقدام کرنا اُس صورت میں کہ قانون جرائم میں ایسے اقدام کے لئے کوئی خاص تعین سزا نہ پائی جاوے

۱۶۴ جو کوئی شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب کے باعث ہونے کا اقدام کرے اور ایسے اقدام میں کوئی ایسا فعل کرے جو جرم مذکر کے ارتکاب کی طرف منجر ہو تو اُس صورت میں کہ اس قانون جرائم میں ایسے اقدام کی کوئی خاص تعین سزا نہ پائی جائے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد اُس میعاد کی نصف تک ہوسکتی ہے جو جرم مذکور کے لئے بڑی سے بڑی معین ہے۔

باب۱۹ جرائم متفرق

گاوکشی کا اقدام

۱۶۵ جو کوئی شخص گاوکشی کا اقدام کرے یا گاو یا نرگاو کو ضرب شدید پہونچاوے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	کسی بے نام مکاتبے سے تخویف مجرمانہ
۱۶۱	جو کوئی شخص کسی بے نام مکاتبے (گمنام عرضی) کے ذریعہ سے یا دھمکی دینے والے شخص کے نام یا مسکن چھپانے کی پیشتر سے تدبیر کر کے تخویف مجرمانہ کے جرم کا مرتکب ہو اُس شخص کو علاوہ اُس سزا کے جو جرم مذکورہ کے پاداش میں دفعات مرقوم الصدر میں مقرر ہوئی ہے قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	فعل جو کسی شخص کو یہ باور کرنے کی تحریک سے کہ وہ مورد غضب الٰہی کیا جائیگا یا کرایا جائیگا
۱۶۲	جو کوئی شخص بالارادہ کسی شخص سے کوئی ایسا امر کرائے یا اُسکے کرانے کا اقدام کرے جسکا کرنا اُسپر قانوناً واجب نہو یا کوئی ایسا امر ترک کرائے یا اُسکے ترک کرانے کا اقدام کرے جسکے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ہے اُس شخص کو یہ باور کرنے کی تحریک کرنے یا اُس تحریک کرنے کے اقدام کے ذریعہ سے کہ اگر وہ شخص اُس امر کو نہ کریگا جسکا کرانا اُس شخص سے مجرم کو منظور ہے یا اگر اُس امر کو ترک نہ کریگا جسکا ترک کرانا اُس شخص سے مجرم کو منظور ہے تو مجرم کے کسی فعل کے ذریعہ سے وہ شخص یا کوئی اور شخص جس سے وہ شخص غرض رکھتا ہے مورد غضب الٰہی ہوگا یا کیا جائیگا تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	عامہ خلایق کے سامنے کسی نشی کی ناشایستگی
۱۶۳	جو کوئی شخص نشہ کی حالت میں عامہ خلایق کی آمد و رفت کی کسی جگہ میں یا کسی ایسی جگہ میں آ نکلے جہاں اُسکا داخل ہونا مداخلت بیجا ہے اور وہاں وہ ایسے طریق پر عمل کرے کہ اُس سے کسی شخص کو رنج پہونچے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد

دفعہ	
	تعریف جرم وسزا
	کو جس سے وہ شخص غرض رکھتا ہے نقصان پہونچانے کی دھمکی دے اس نیت سے کہ اسکو خوف میں ڈالے یا اُس سے کوئی ایسا فعل کرائے جسکا کرنا اُسپر قانوناً واجب نہیں ہے یا اُس سے کوئی ایسا فعل ترک کرائے جس کے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ہے تاکہ وہ ارتکاب یا ترک فعل اُس دھمکی کی تکمیل کے انسداد کا وسیلہ ہو تو شخص مذکور تخویف مجرمانہ کا مرتکب ہوگا۔
	سزا
	جو کوئی شخص جرم تخویف مجرمانہ کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	اگر دھمکی ہلاکت یا ضرر شدید وغیرہ پہونچانے کے لیئے ہو
۱۵۹	اگر ہلاکت یا ضرر شدید پہونچانے کی یا آگ سے کسی مال کے تلف کرنے کی یا کسی ایسے جرم کا ارتکاب وقوع میں لانے کی جسکی پاداش میں سزائے موت یا حبس دوام یا قید جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے مقرر ہے یا کسی عورت کی نسبت بے عفتی کا اتہام لگانے کی دھمکی ہو تو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی
	بغاوت یا جرائم خلاف ورزی باسرکار کرانے کی نیت سے جھوٹی افواہ وغیرہ پھیلانا
۱۶۰	جو کوئی شخص کوئی بیان یا افواہ یا خبر جسکو وہ جھوٹ جانتا ہو پھیلائے یا مشتہر کرے یا اس نیت سے کہ عامہ خلائق کو خوف یا گھبراہٹ میں ڈالے اور اُسکے ذریعہ سے کسی شخص کو کسی جرم خلاف ورزی باسرکار یا جرم مخالف آسودگی عامہ خلائق کے مرتکب ہونے کی تحریک کرے تو شخص مذکور کو دو برس تک قید کی سزا دی جائیگی یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	لے اُڑے یا پھسلا لے جاوے اس نیت سے کہ عورت مذکورہ کسی شخص سے جماع حرام کرائے یا اُس نیت سے کسی ایسی عورت کو چھپاوے یا روک رکھے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	باب ۱۶ ازالہ حیثیت عرفی کے بیان میں
	ازالہ حیثیت عرفی
۱۵۷	جو کوئی شخص ایسی باتوں کے ذریعہ سے جو لفظ سے ادا کی جائیں یا جنکا پڑھا جانا مقصود ہو یا اشاروں کے ذریعہ سے یا نقوش مرئیہ کے ذریعہ سے کسی شخص کی نسبت کوئی اتہام لگائے یا مشتہر کرے یہ نیت کر کے کہ اُس شخص کی نیکنامی کو نقصان پہونچائے یا یہ جانکر یا یہ باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ وہ اتہام اُس شخص کی نیکنامی کو نقصان پہونچائیگا تو کہا جائیگا کہ اُس نے اُس شخص کا ازالہ حیثیت عرفی کیا۔
	سزا
	جو کوئی شخص کسی شخص کی حیثیت عرفی کا ازالہ کرے اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	باب ۱۷ تخویف مجرمانہ و توہین مجرمانہ و رنج دہی مجرمانہ کے بیان میں
	تخویف مجرمانہ
۱۵۸	جو کوئی شخص کسی اور شخص کو اُسکے جسم یا نیکنامی یا مال کو یا کسی شخص کے جسم یا نیکنامی

دفعات	تعریف جرم و سزا

باب ۱۵ اُن جرموں کے بیان میں جو ازدواج سے متعلق ہیں

بغیر کرنے ازدواج جائز کے فریب کی نیت سے رسمیات ازدواج کا ادا کرنا

۱۵۴ جوکوئی شخص بددیانتی سے یا فریب کی نیت سے ازدواج کی رسمیں ادا کرے یہ جانکر کہ اُسکے ذریعہ سے اُسکا ازدواج جائز نہیں ہوتا اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

زنا

۱۵۵ جوکوئی شخص کسی ایسی عورت سے جو کسی دوسرے مرد کی زوجہ ہے اور جسکو وہ جانتا یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہے کہ وہ کسی دوسرے مرد کی زوجہ ہے بلا رضامندی یا مساحت اس مرد کے جماع کرے اور وہ جماع جرم زنا بجبر کی حد تک نہ پہونچتا ہو تو وہ شخص زنا کے جرم کا مجرم ہوگا اور اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد پانچ برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

نیت مجرمانہ کے ساتھ کسی عورت منکوحہ کا پھسلا لیجانا یا لے اُڑنا یا روک رکھنا

۱۵۶ جوکوئی شخص کسی عورت کو جو کسی دوسرے مرد کی زوجہ ہے اور جسکو وہ جانتا یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہے کہ وہ کسی دوسرے مرد کی زوجہ ہے اُس مرد کے پاس سے یا کسی اور شخص کے پاس سے جو مرد مذکور کی جانب سے عورت مذکورہ کا محافظ ہو

تعریف جرم و سزا	دفعہ
اُسکو دیا گیا ہے نہیں جانتا ہے۔	
جعل سازی	
جو کوئی شخص کوئی جھوٹی دستاویز یا اُسکا کوئی جزو اس نیت سے بنائے کہ عامہ خلایق یا کسی شخص کو مضرت یا نقصان پہونچائے یا کسی دعوی یا استحقاق کی تائید کرے یا کسی شخص سے کوئی مال علیحدہ کرائے یا کسی معاہدے لفظی یا معنوی کرانے کا باعث ہو یا اس نیت سے کہ فریب کا ارتکاب کرے یا فریب کا ارتکاب کیا جائے تو شخص مذکور جعل سازی کا مرتکب ہوگا۔	
سزا	
جو کوئی شخص جعل سازی کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔	
عدالت کے کاغذ سرشتہ یا عام رجسٹر وغیرہ کا جعلی بنانا	
جو کوئی شخص کوئی جعلی دستاویز بنائے جو اسکی مقتضی ہو کہ وہ کسی عدالت کا کاغذ سرشتہ یا کاغذ مثل ہے یا ولادت یا اصطباغ یا ازدواج یا تدفین کا رجسٹر ہے یا کوئی رجسٹر ہے جسکو کوئی سرکاری ملازم اپنی ملازمت کی حیثیت سے مرتب کرتا ہے یا کوئی سرٹیفکٹ یا دستاویز بنائے جو اسکی مقتضی ہو کہ وہ کسی سرکاری ملازم نے اپنے عہدہ کی حیثیت سے مرتب کی یا کسی مقدمہ کے دائر کرنے یا اُسکی جواب دہی کرنے یا اُسمیں کسی طرح کی پیروی کرنے یا اقبال دعوی داخل کرنے کے لئے اجازت نامہ ہے یا وہ مختار نامہ ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔	۱۵۳

دفعہ	تعریف جرم و سزا

باب ۱۸ اُن جرموں کے بیان میں جو دستاویزوں سے اور حرفے یا ملکیت کے نشانوں سے متعلق ہیں

جھوٹی دستاویز بنانا

۱۵۲ اُس شخص کی نسبت کہا جائیگا کہ اُس شخص نے جھوٹی دستاویز بنائی۔

پہلے ـ جو کوئی دستاویز یا دستاویز کا کوئی جزو بددیانتی سے یا فریب سے بنائے یا اُسپر دستخط یا مُہر کرے یا اُسکی تکمیل کرے یا کوئی ایسا نشان کرے جس سے کسی دستاویز کی تکمیل ظاہر ہو اور اُسکی نیت اس امر کے باور کرا دینے کی ہو کہ وہ دستاویز یا دستاویز کا وہ جزو اُس شخص نے بنایا یا اُسپر دستخط یا مُہر کی یا اُسکی تکمیل کی ہے یا ایسے شخص کی اجازت سے بنایا گیا یا اُسپر دستخط یا مہر کی گئی یا اُسکی تکمیل کی گئی ہے جسکو وہ جانتا ہے کہ نہ اُس شخص نے بنایا نہ اُسپر دستخط یا مہر کی نہ اُسکی تکمیل کی اور نہ اُسکی اجازت سے وہ بنائی گئی نہ اُسپر دستخط یا مہر کی گئی نہ اُسکی تکمیل کی گئی۔ یا ایسے وقت پر جسمیں وہ جانتا ہے کہ نہ وہ بنائی گئی نہ اُسپر دستخط یا مہر کی گئی نہ اُسکی تکمیل کی گئی۔ یا

دوسرے ـ جو بغیر اختیار جائز کے بددیانتی سے یا فریب سے خط نسخ کھینچ کر یا کسی اور طرح کسی دستاویز کو باعتبار اُسکے کسی جزو اہم کے تبدیل کرے بعد اسکے کہ اُس دستاویز کو خود اُسی نے یا کسی دوسرے شخص نے بنایا ہو یا اُسکی تکمیل کی ہو عام اس سے کہ وہ دوسرا شخص اُس تبدیل کے وقت زندہ ہو یا مرگیا ہو۔ یا

تیسرے ـ جو بددیانتی سے یا فریب سے کسی دستاویز پر کسی شخص سے دستخط یا مہر کرائے یا اُسکی تکمیل یا تبدیل کرائے یہ جانکر کہ وہ شخص دستاویز کے مضمون یا تبدیل کی ماہیت کو فتور عقل یا نشے کے سبب سے نہیں جان سکتا یا دھوکے کے سبب سے جو

دفعات	تعریف جرم و سزا
	کیاگیا ہے کہ اسطرح گھر میں گھسنا یا گھر سے باہر نکلنا نہوسکے اور وہ خود اُسنے یا مداخلت بیجا بخانہ کے کسی معین نے کھول لیا ہے
	مخفی مداخلت بیجا بخانہ یا نقب زنی کی سزا
	جوکوئی شخص مخفی مداخلت بیجا بخانہ یا نقب زنی کا مرتکب ہو اُس کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	مخفی مداخلت بیجا بخانہ یا نقب زنی وقت شب
۱۴۹	جوکوئی شخص غروب آفتاب کے بعد اور طلوع آفتاب سے پہلے مخفی مداخلت بیجا بخانہ یا نقب زنی وقت شب کا مرتکب ہو تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	جرم کے ارتکاب کے لئے جسکی سزا قید ہے مخفی مداخلت بیجا بخانہ یا نقب زنی وقت شب
۱۵۰	جوکوئی شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب کے لئے جسکی پاداش میں سزائے قید مقرر ہے مخفی مداخلت بیجا بخانہ وقت شب یا نقب زنی وقت شب کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد پانچ برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا
	ایضاً اگر وہ جرم سرقہ ہو
۱۵۱	اگر وہ جرم جسکا ارتکاب نیت میں ہے سرقہ ہو تو قید کی میعاد چودہ برس تک ہوسکتی ہے

تعریف جرم و سزا

بخانہ کسی ایسے شخص سے چھپائے جو مرتکب کو اُس عمارت یا خیمہ سے جسمیں وہ مداخلت بیجا کی جائے نہ آنے دینے یا نکال دینے کا استحقاق رکھتا ہے تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور مخفی مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہوا۔

نقب زنی

وہ شخص جو مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو نقب زنی کا مرتکب کہا جائیگا اگر وہ گھر یا گھر کے کسی حصہ میں نیچے لکھے ہوئے چھ طریقوں میں سے کسی طریق پر مداخلت کرے یا اگر کسی جرم کے ارتکاب کے لئے گھر میں یا اُسکے کسی حصہ میں موجود ہو کر یا وہاں کسی جرم کا ارتکاب کرکے مذکورہ چھ طریقوں میں سے کسی ایک طریق پر اُس گھر سے یا اُسکے کسی حصہ سے باہر نکل آئے۔ یعنی

پہلا۔ اگر وہ ایسے گزر سے داخل ہو یا باہر نکلے جو خود اُس نے یا مداخلت بیجا بخانہ کے کسی معین نے مداخلت بیجا بخانہ کے ارتکاب کے لیے بنالیا ہو۔

دوسرا۔ اگر وہ ایسے گزر سے داخل ہو یا باہر نکلے جس سے داخل ہونا انسان کا کسی اور شخص کے نزدیک سوائے اُسکے یا اُس جرم کے کسی معین کے مقصود نہ ہو یا کسی ایسے گزر سے جس تک کسی دیوار یا عمارت پر کمند لگانے یا چڑھنے سے پہونچا ہو۔

تیسرا۔ اگر وہ کسی ایسے گزر سے داخل ہو یا باہر نکلے جسکو اُسنے خود یا مداخلت بیجا بخانہ کے کسی معین نے مداخلت بیجا بخانہ کے ارتکاب کے لئے ایسے وسیلوں سے کھول لیا ہو جن سے اُس گزر کا کھولا جانا صاحب خانہ کا مقصود نہ تھا۔

چوتھا۔ اگر وہ مداخلت بیجا بخانہ کے ارتکاب کے لئے یا مداخلت بیجا بخانہ کے ارتکاب کے بعد گھر سے باہر نکلنے کے لئے کوئی قفل کھول کر داخل ہو یا باہر نکلے۔

پانچواں۔ اگر وہ جبر مجرمانہ یا حملہ کرکے یا حملہ کی دھمکی دیکر گھر میں گھسے یا گھر کے باہر نکلے۔

چھٹا۔ اگر وہ کسی ایسے گزر سے داخل ہو یا باہر نکلے جسکو وہ جانتا ہو کہ اس سے لیے بند

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	کام میں آتی ہے داخل ہونے یا ٹھیرے رہنے کے ذریعہ سے مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہوا۔
	سزا
	جو کوئی شخص مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	جرم کے ارتکاب کے لیئے جسکی سزا موت ہے یا حبس دوام ہے، مداخلت بیجا بخانہ
۱۴۵	جو کوئی شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب کے لیئے جسکی پاداش میں سزاے موت یا حبس دوام مقرر ہے مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو اُس شخص کو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس سے زیادہ نہو اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ایضاً۔ اُس جرم کے ارتکاب کے لیئے جسکی سزا قید ہے
۱۴۶	جو کوئی شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب کے لیئے جسکی پاداش میں سزاے قید مقرر ہے مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ایضاً۔ اگر وہ جرم سرقہ ہو
۱۴۷	اگر وہ جرم جس کا ارتکاب نیت میں ہے سرقہ ہو تو قید کی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	مخفی مداخلت بیجا بخانہ یا نقب زنی
۱۴۸	جو کوئی شخص مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو پیش بندی کر کے کہ وہ مداخلت بیجا

دفعات	تعریف جرم و سزا
	ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	آتشزنی
۱۴۲	جو کوئی شخص آگ یا کسی بھک سے اُڑ جانے والے مادّے کے ذریعہ سے نقصان رسانی کا مرتکب ہو یہ نیت کر کے یا اس امر کا احتمال جانکر کہ اُسکے ذریعہ سے مال یا کسی عمارت کی تباہی کا باعث ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	مداخلت بیجا مجرمانہ
۱۴۳	جو کوئی شخص کسی ایسی جائداد کے اندر داخل ہو جو کسی دوسرے شخص کے قبضہ میں ہے اس نیت سے کہ کسی جرم کا ارتکاب کرے یا اُس شخص کی جو جائداد مذکور پر قابض ہے تخویف یا توہین کرے یا اُسکو رنج دے یا اُس جائداد کے اندر جوازاً داخل ہو کر وہاں ناجائز طور پر ٹھیرا رہے اس نیت سے کہ اُسکے ذریعہ سے اُس شخص کی تخویف یا توہین کرے یا اُسکو رنج دے یا اس نیت سے کہ کسی جرم کا ارتکاب کرے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور مداخلت بیجا مجرمانہ کا مرتکب ہوا۔
	سزا
	جو کوئی شخص مداخلت بیجا مجرمانہ کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانچسو روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	مداخلت بیجا بخانہ
۱۴۴	جو کوئی شخص کسی ایسی عمارت یا خیمہ میں جو انسان کی بود و باش کے طور پر کام میں آتی ہے۔ یا کسی ایسی عمارت میں جو عبادت گاہ یا مال کی جائے حفاظت کے لیئے

دفعات	تعریف جرم و سزا
	معدوم ہوجاوے یا کم ہوجاوے یا جو نقصان کے ساتھ اس پر موثر ہو تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نقصان رسانی کا مرتکب ہوا۔
	سزا
	جو کوئی شخص نقصان رسانی کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	نقصان رسانی کے ذریعہ سے ۵۰ روپیہ تک یا اُس سے زیادہ مضرت پہونچانا یا کسی حیوان قیمتی ۱۰ یا زیادہ کی مالیت کو مار ڈالنا یا اُسکے عضو کے بیکار کرنے سے نقصان رسانی
۱۴۰	جو کوئی شخص نقصان رسانی کا مرتکب ہو اور اُسکے ذریعہ سے بقدر ۵۰ یا زیادہ کے زیاں یا مضرت کا باعث ہو۔ یا دس روپیہ یا زیادہ کی مالیت کے کسی حیوان یا حیوانوں کو مار ڈالنے یا زہر دینے یا اُسکے کسی عضو کو بیکار کرنے یا اُسکو بیکار کرنے کے ذریعہ سے نقصان رسانی کا مرتکب ہو تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	نشان زمین جو بحکم سرکار قایم ہوا ہو تباہ کرنے یا اُسکی تبدیل جاے وغیرہ سے نقصان رسانی
۱۴۱	جو کوئی شخص کسی ایسے نشان زمین کے تباہ کرنے یا تبدیل جاے کرنے کے ذریعہ سے جو کسی سرکاری ملازم کے حکم سے قایم کیا گیا ہو یا کسی ایسے فعل کے ذریعہ سے جو اُس نشان زمین کو بہ حیثیت ایسے نشان کے کسی قدر بیکار کردے نقصان رسانی کا مرتکب

دفعات	تعریف جرم و سزا
	یا معاہدہ جائز کی رو سے اُسپر واجب تھی تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	دوسرا شخص بننے یا بنانے سے دغا
۱۴۷	اگر کوئی شخص یہ ادعا کرنے سے کہ وہ کوئی دوسرا شخص ہے یا جان بوجھکر ایک شخص کو کوئی دوسرا شخص بنانے سے یا اپنے آپ کو یا کسی دوسرے شخص کو ایسا شخص ظاہر کرنے سے جو وہ خود یا وہ دوسرا شخص فی الواقع نہو دغا کرے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نے دوسرا شخص بنانے سے دغا کی۔
	سزا
	جو کوئی شخص دوسرا شخص بننے یا بنانے سے دغا کرے اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	دغا کرنا اور مال حوالہ کرنے کی بددیانتی سے تحریک کرنا
۱۴۸	جو کوئی شخص دغا کرے اور اُسکے ذریعہ سے دھوکہ کھانے والے شخص کو بددیانتی سے تحریک کرے کہ وہ کوئی مال کسی شخص کے حوالہ کرے یا کسی کفالۃ المال کے کل یا جزو کو یا کسی شے کو جو دستخطی یا مہری ہو اور جو کفالۃ المال کے لیئے جانے کی حیثیت رکھتی ہو بنائے یا تبدیل کرے یا تلف کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	نقصان رسانی
۱۴۹	جو کوئی شخص اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ عامہ خلائق کو یا کسی شخص کو زیان ناجائز یا مضرت پہونچائے کسی مال کے تلف کا یا کسی مال کے ایسے تبدیل یا اُسکی جگہ کی ایسی تبدیل کا باعث ہو جس سے اُسکی مالیت یا کام میں آنے کی قابلیت

دفعات	تعریف جرم و سزا

مال مسروقہ با رتکاب ڈکیتی بددیانتی سے لینا

۱۳۴ جو کوئی شخص کوئی مال مسروقہ بددیانتی سے لے یا لے رکھے جسکی نسبت وہ جانتا یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو کہ اُسکا قبضہ ڈکیتی یا استحصال بالجبر کے ارتکاب کے ذریعہ سے منتقل ہوا ہے یا کسی شخص سے جسکی نسبت وہ جانتا یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہے کہ وہ ڈاکوؤں کے گروہ میں شریک ہے یا شریک رہا ہے کوئی مال بددیانتی سے لے جسکی نسبت وہ جانتا یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہے کہ وہ مال مال مسروقہ ہے تو شخص مذکور کو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دغا یا فریب

۱۳۵ جو کوئی شخص کسی شخص کو دھوکہ دیکر اُس دھوکہ کھانے والے شخص کو فریب سے یا بددیانتی سے تحریک کرے کہ وہ کوئی مال کسی شخص کے حوالہ کرے یا اُسپر رضامندی ظاہر کرے کہ کوئی شخص کوئی مال لے رکھے یا دھوکہ کھانے والے شخص کو کسی ایسے امر کے کرنے یا ترک کرنے کی قصداً تحریک کرے جسکو وہ نہ کرتا یا ترک نہ کرتا درحالیکہ اُسکو اسطرح دھوکہ نہ دیا جاتا اور جو فعل یا ترک اُس شخص کے جسم یا خاطر یا نیکنامی یا مال کو مضرت یا نقصان پہونچاے یا اُسکے پہونچانے کا احتمال ہو تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نے دغا کی۔

سزا

جو کوئی شخص دغا کرے اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دغا اس علم سے کہ اُس سے زیان ناجائز کسی شخص کو پہنچے جسکے استحقاق کی حفاظت مجرم پر واجب ہے

۱۳۶ جو کوئی شخص دغا کرے اس علم سے کہ اُسکے ذریعہ سے ایسے شخص کو زیان ناجائز پہونچانے کا احتمال ہے جسکے استحقاق کی حفاظت اُس معاملہ میں جسکی نسبت دغا واقع ہو کسی قانون

تعریف جرم وسزا	دفعات
شخص کو عمداً ایسا کرنے دے تو شخص مذکور خیانت مجرمانہ کا مرتکب ہوگا۔	
خیانت مجرمانہ کی سزا	
جو کوئی شخص خیانت مجرمانہ کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔	
سرکاری ملازم یا مہاجن یا سوداگر یا کارپرداز سے خیانت مجرمانہ	
کوئی شخص جسکو بحیثیت ملازم سرکار یا اپنے کاروبار کے اعتبار سے بحیثیت مہاجن یا سوداگر یا کارپرداز یا دلال یا مختار یا گماشتہ کے کوئی مال یا کسی مال کا اہتمام کسیطرح امانتاً سپرد ہو مال مذکور کی نسبت خیانت مجرمانہ کا مرتکب ہو تو شخص مذکور کو حبس دوام یا قید دس برس تک کی سزا دی جائیگی اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔	۱۳۲
مال مسروقہ	
وہ مال جسکا قبضہ سرقہ یا استحصال بالجبر یا سرقہ بالجبر کے ذریعہ سے منتقل ہوا ہو اور وہ مال جو تصرف بیجا مجرمانہ میں لایا گیا ہو یا جسکی نسبت خیانت مجرمانہ کا ارتکاب ہوا ہو مال مسروقہ کہا جائیگا۔ لیکن وہ مال اگر بعد اُس شخص کے قبضہ میں آجاے جو اُسکے قبضہ کا قانوناً مستحق ہے تب وہ مال مال مسروقہ نہوگا۔	۱۳۳
سزا	
جو کوئی شخص کوئی مال مسروقہ یہ جانکر یا باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ وہ مال مال مسروقہ ہے بددیانتی سے لے یا لے رکھے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جایگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔	

دفعات	تعریف جرم و سزا
	ارتکاب یا اُسکے ارتکاب کے اقدام میں شامل ہوکر مصروف ہوا ہو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ڈکیتی
۱۲۹	جب پانچ یا زیادہ شخص شامل ہوکر سرقہ بالجبر کا ارتکاب یا اقدام کریں یا جبکہ اُن شخصوں کی کل تعداد جو سرقہ بالجبر کا ارتکاب یا اقدام شامل ہوکر کرتے ہوں مع تعدا د اُن شخصوں کے جو حاضر ہوں اور اُسکے ارتکاب یا اقدام میں مدد کرتے ہوں پانچ یا پانچ سے زیادہ ہو تو ہر ایک شخص ارتکاب کرنے والا یا اقدام کرنے والا یا اُسمیں مدد کرنے والا ڈکیتی کا مرتکب کہا جائیگا۔
	ڈکیتی کی سزا
	جو کوئی شخص ڈکیتی کا مرتکب ہو اُسکو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	بددیانتی سے مال منقولہ کا تصرف بیجا
۱۳۰	جو کوئی شخص بددیانتی سے کسی مال منقولہ کو اپنے تصرف بیجا میں یا اپنے کام میں لائے اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	خیانت مجرمانہ
۱۳۱	کوئی شخص جسکو کسی طرح سے کوئی مال یا کسی مال کا اہتمام امانتاً سپرد ہو قانون کی کسی ایسی ہدایت کے خلاف کرکے جسمیں امانت مذکور کے ادا کرنے کا طریق معین ہو یا کسی معاہدۂ جائز کے خلاف کرکے جو لفظاً یا معناً شخص مذکور نے امانت مذکور کے ادا کرنے کے طریق کی نسبت کیا ہو مال مذکور کو بددیانتی سے اپنے تصرف بیجا میں یا اپنے کام میں لائے یا اُس مال کو بددیانتی سے اپنے استعمال میں لائے یا علیحدہ کرے یا کسی دوسرے

دفعہ	تعریف جرم و سزا

باعث ہونے کا اقدام کرے یا فوراً ہلاک ہونے یا فوراً ضرر یا فوراً مزاحمت بیجا اُٹھانے کی تخویف کا باعث ہو یا اُسکے باعث ہونے کا اقدام کرے۔

جس حالت میں استحصال بالجبر سرقہ بالجبر ہے

استحصال بالجبر سرقہ بالجبر ہوگا کہ مجرم استحصال بالجبر کے ارتکاب کے وقت شخص مخوف کے قرب میں حاضر ہو اور اُس شخص کو خود اُس شخص کے یا کسی دوسرے شخص کے فوراً ہلاک ہونے یا فوراً ضرر یا فوراً مزاحمت بیجا اُٹھانے کی تخویف کرنے سے استحصال بالجبر کا مرتکب ہو اور اسطرح تخویف کرنے سے شخص مخوف کو شئے مستحصل بالجبر کی اُسوقت اور اُس جگہ حوالہ کر دینے کی تحریک کرے۔

سرقہ بالجبر یا اقدام سرقہ بالجبر کی سزا

جو کوئی شخص سرقہ بالجبر یا اقدام سرقہ بالجبر کا مرتکب ہو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

ایضاً جو مابین غروب و طلوع آفتاب شارع عام پر کیا جاوے۔

۱۲۷ اگر اُس سرقہ بالجبر کا ارتکاب شارع عام پر غروب و طلوع آفتاب کے درمیان کیا جاوے تو قید کی میعاد چودہ برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

سرقہ بالجبر کے ارتکاب یا اُسکے اقدام میں بالارادہ ضرر پہونچانا

۱۲۸ اگر کوئی شخص سرقہ بالجبر کے ارتکاب یا اُسکے ارتکاب کے اقدام میں کسی شخص کو بالارادہ ضرر پہونچاوے تو شخص مذکور کو اور کسی دوسرے شخص کو جو اُس سرقہ بالجبر کے

دفعات	تعریف جرم و سزا

استحصال بالجبر

۱۲۴ جو کوئی شخص قصداً کسی کو خود اُس شخص کے یا کسی دوسرے شخص کے کسی نقصان کی تخویف کرے اور اُسکے ذریعہ سے اُس شخص کو جسکو اسطرح تخویف کی گئی ہے اس بات کی بد دیانتی سے تحریک کرے کہ وہ کوئی مال یا کفالتہ المال یا کوئی شے دستخطی یا مہری جو کفالتہ المال ہو جانے کی حیثیت رکھتی ہو کسی شخص کے حوالہ کرے تو شخص مذکور استحصال بالجبر کا مرتکب ہوگا۔

استحصال بالجبر کی سزا

جو کوئی شخص استحصال بالجبر کا ارتکاب کرے اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

کسی شخص کو ہلاکت یا ضرر شدید کی تخویف کے ذریعہ سے استحصال بالجبر

۱۲۵ جو کوئی شخص کسی شخص کو خود اُس شخص کی یا کسی دوسرے شخص کی ہلاکت یا ضرر شدید کے تخویف کرنے کے ذریعہ سے استحصال بالجبر کا مرتکب ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

سرقہ بالجبر یا اقدام سرقہ بالجبر

۱۲۶ ہر سرقہ بالجبر میں یا تو سرقہ یا استحصال بالجبر پایا جاتا ہے۔

جس حالت میں سرقہ سرقہ بالجبر ہے

سرقہ۔ سرقہ بالجبر ہوگا اگر سرقہ کے ارتکاب کے لیئے یا سرقہ کے ارتکاب میں یا اُس مال کے لے جانے یا لے جانے کے اقدام میں جو سرقہ سے حاصل کیا گیا ہے مجرم اُس مطلب سے بالارادہ کسی شخص کی ہلاکت یا ضرر یا مزاحمت بیجا کا باعث ہو یا اُس کے

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	سرقہ کی سزا
	جو کوئی شخص سرقہ کا مرتکب ہو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	ایسے آلات کو بد دیانتی سے اپنے پاس رکھنا جو سرقہ کے کام میں مستعمل ہوتے ہوں
۱۲۱	جو کوئی شخص بد دیانتی سے ایسے آلات کو اپنے پاس رکھے جو سرقہ کے کام میں مستعمل ہوتے ہوں تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جسکی مقدار ۵۰ روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	مکان سکونت وغیرہ میں سرقہ
۱۲۲	جو کوئی شخص کسی عمارت یا خیمہ میں جو انسان کی بود و باش یا مال کی حفاظت کے لیئے کام میں آتا ہو سرقہ کا ارتکاب کرے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	سرقہ کے ارتکاب کی غرض سے ہلاک کرنے یا ضرر پہونچانے یا مزاحمت کی تیاری کرنے کے بعد سرقہ
۱۲۳	جو کوئی شخص سرقہ کے ارتکاب کے لیئے یا اُس سرقہ کے ارتکاب کے بعد اپنے بھاگ جانے کے لیئے یا اُس مال کے بچا رکھنے کے لیئے جو اُس سرقہ کے ذریعہ سے لیا جاوے ہلاکت یا ضرر یا مزاحمت کی یا ہلاکت یا ضرر یا مزاحمت کی تخویف کی تیاری کرکے سرقہ کا ارتکاب کرے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	یا جسکے ساتھ وہ اپنا جوازاً ازدواج ہونا باور کرتی ہے۔
	یا پانچویں۔ عورت کی رضامندی کے ساتھ یا اُسکی بلا رضامندی جبکہ اُسکی عمر بارہ برس سے کم ہو۔
	مگر واضح ہو کہ مرد کا جماع اپنی زوجہ سے جبکہ اُسکی عمر بارہ برس سے کم نہ ہو زنا بجبر نہیں ہے۔
	زنا بجبر کی سزا
	جو کوئی شخص زنا بجبر کا مرتکب ہو اُسکو حبس دوام یا قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	خلاف وضع فطری
۱۱۹	جو کوئی شخص کسی مرد یا عورت یا حیوان سے بالارادہ وطی خلاف وضع فطری کرے اُس شخص کو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	باب ۱۳ اُن جرموں کے بیان میں جو مال سے متعلق ہیں
	سرقہ
۱۲۰	جو کوئی شخص بددیانتی سے کوئی مال منقولہ کسی شخص کے قبضہ میں سے اُسکی بلا رضامندی لینے کی نیت سے ایسے لینے کے لئے اُس مال کی تبدیل جائے کرے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نے سرقہ کا ارتکاب کیا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	عادتاً غلاموں کا کاروبار کرنا
۱۱۶	جو کوئی شخص غلاموں کو عادتاً غیر ملک سے لائے یا غیر ملک میں لیجائے یا دوسری جگہ پہنچائے یا خریدے یا بیچے یا اُنکی تجارت کرے یا اُنکا کاروبار کرے تو اُس شخص کو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	کسی نابالغ کو فعل شنیعہ کی غرض سے خریدنا یا بیچنا وغیرہ
۱۱۷	جو کوئی شخص کسی نابالغ کو جسکی عمر سولہ برس سے کم ہو بیچے یا خریدے یا اجرت پر چلائے یا کسی اور طور پر اپنے قبضہ سے علیحدہ کرے اس نیت سے کہ وہ نابالغ فعل شنیعہ یا کسی امر ناجائز یا پچھنے کے لئے مصروف کیا جائے یا کام میں لایا جائے یا یہ جانکر کہ اُس نابالغ کے ایسے کام میں مصروف کیے جانے یا اُس سے ایسا کام لیے جانے کا احتمال ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	زنا بجبر
۱۱۸	جو مرد ایسی حالت میں جو ذیل کی لکھی ہوئی پانچوں قسموں میں سے کسی قسم میں داخل ہوں کسی عورت سے جماع کرے تو کہا جائیگا کہ اُس مرد نے زنا بجبر کیا۔ پہلی۔ عورت کی مرضی کے خلاف۔ دوسری۔ عورت کی بلا رضامندی۔ تیسری۔ عورت کی رضامندی کے ساتھ جبکہ اُسکی رضامندی ہلاکت یا ضرر کی تخویف سے حاصل کی گئی ہو۔ چوتھی۔ عورت کی رضامندی کے ساتھ جبکہ مرد یہ جانتا ہو کہ وہ اُس عورت کا شوہر نہیں ہے اور یہ کہ عورت کی جانب سے وہ رضامندی اس نظر سے ظاہر کیگئی ہے کہ وہ باور کرتی ہے کہ یہ مرد وہی مرد ہے جسکے ساتھ اُس کا ازدواج جائز ہوا ہے

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	کسی عورت کو ازدواج وغیرہ پر مجبور کرنے یا اُسکو خراب کرانے کے لیئے لے بھاگنا یا بھگا لے جانا
۱۱۳	جو شخص کسی عورت کو لے بھاگے یا بھگا لے جاوے اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ وہ اپنی مرضی کے خلاف کسی شخص سے ازدواج کرنے کے لئے مجبور کی جاوے یا اُسکی یہ غرض ہو کہ وہ جماع ناجائز کے واسطے مجبور کی جاوے یا پھسلائی جاوے یا اس امر کا احتمال اُسکے علم میں ہو کہ وہ جماع ناجائز کے واسطے مجبور کی جائیگی یا پھسلائی جائیگی تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	دس برس سے کم عمر کے طفل کا اُسکے بدن پر سے کوئی شے چرا لینے کی نیت سے لے بھاگنا یا بھگا لے جانا
۱۱۴	جو کوئی شخص کسی طفل کو جسکی عمر دس برس سے کم ہو اس نیت سے لے بھاگے یا بھگا لیجاوے کہ بددیانتی سے کسی قسم کا کوئی مال منقولہ اُس طفل کے جسم سے لیلے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	کسی شخص کو غلام کے طور پر خریدنا یا اُسکو اپنے قبضہ سے جدا کرنا
۱۱۵	جو کوئی شخص کسی شخص کو غیر ملک سے غلام کے طور پر لاوے یا غیر ملک میں لیجاوے یا دوسری جگہ پہنچاوے یا خریدے یا بیچے یا اپنے قبضہ سے جدا کرے یا کسی شخص کو اُسکی مرضی کے خلاف غلام کے طور پر قبول کرے یا تحویل میں لے یا روک رکھے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	جسکی میعاد تین مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانسو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی
	ولی جائز کی حفاظت میں سے انسان کو لے بھاگنا
۱۱۱	جو کوئی شخص کسی نابالغ لڑکے کو جسکی عمر چودہ برس سے کم ہو یا کسی نابالغ لڑکی کو جسکی عمر سولہ برس سے کم ہو یا کسی شخص کو جسکی عقل میں فتور ہو اُس نابالغ کے یا اُس شخص کے جسکی عقل میں فتور ہے ولی جائز کی سپردگی میں سے بلا رضامندی اُس ولی کے لیجاوے یا پھسلا لے جاوے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور اُس نابالغ یا اُس شخص کو ولی کی ولایت جائز سے لے بھاگا۔
	مستثنیٰ
	یہ دفعہ کسی ایسے شخص کے فعل پر محیط نہیں ہے جو نیک نیتی سے اپنے تئیں کسی ولد الحرام کا باپ باور کرتا ہو یا جو نیک نیتی سے اپنے تئیں اُس طفل کی حفاظت جائز کا مستحق باور کرتا ہو سوا اسکے کہ اُس فعل کا ارتکاب کسی شنیع یا ناجائز غرض سے واقع ہوا ہو۔
	لے بھاگنے کی سزا
	جو کوئی شخص کسی شخص کو کسی ولی کی ولایت جائز سے لے بھاگے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	قتل عمد کے لیئے انسان کو لے بھاگنا یا بھگا لے جانا
۱۱۲	جو کوئی شخص کسی شخص کو اِس لیئے لے بھاگے یا بھگا لے جاوے کہ وہ شخص مار ڈالا جاوے یا ایسی حالت میں رکھا جاوے کہ وہ مارے جانے کے خطرہ میں پڑے تو شخص مذکور کو حبس دوام کی سزا دی جائیگی یا قید کی جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

تعریف جرم و سزا

کی جانب سے وقوع میں آوے۔
تیسرے۔ کسی حیوان کو حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت کی تحریک کرنے سے۔

جبر مجرمانہ

جو کوئی شخص کسی جرم کے ارتکاب کے لیئے کسی شخص پر اُسکی بلا رضا مندی قصداً جبر کرے یا اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ ایسا جبر کرنے سے وہ اُس شخص کو جس پر جبر کیا گیا ہے نقصان یا خوف یا رنج پہنچائیگا تو کہا جائیگا کہ اُس شخص نے دوسرے شخص پر جبر مجرمانہ کیا۔

حملہ

جو کوئی شخص کوئی صورت بناے یا کوئی تیاری کرے اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ اُس صورت بنانے یا تیاری کرنے سے کوئی شخص حاضر موقع یہ تصور کرے کہ صورت بنانے والا یا تیاری کرنے والا شخص اُسپر عنقریب جبر مجرمانہ کرنے والا ہے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور حملہ کا مرتکب ہے۔

تشریح

محض الفاظ حملہ کی حد کو نہیں پہنچتے مگر ممکن ہے کہ اُن الفاظ سے جنکا کوئی شخص استعمال کرے اُس شخص کی صورت بنانے یا تیاری کرنیکی نسبت ایسا مطلب ظاہر ہو کہ وہ صورت بنانا یا تیاری کرنا حملے کی حد کو پہنچ جاے۔

باعث سخت اشتعال طبع کے علاوہ اور طرح پر حملہ یا جبر مجرمانہ کرنا

جو کوئی شخص کسی شخص پر حملہ یا جبر مجرمانہ کرے سوا اُسکے کہ اُس شخص کی جانب سے کوئی سخت اور ناگہانی باعث اشتعال طبع ظہور میں آوے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی

دفعات	تعریف جرم و سزا
	سزا جو کوئی شخص کسی شخص کی مزاحمت بیجا کرے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک مہینہ تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانسو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزا دیجائینگی۔
	حبس بیجا
۱۰۹	جو کوئی شخص کسی شخص کو اسطرح سے مزاحمت بیجا کرے کہ اُس شخص کو کسی خاص حدود محیط کے باہر جانے سے روکے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نے اُسکی نسبت حبس بیجا کیا۔
	سزا جو کوئی شخص کسی شخص کو حبس بیجا کرے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	جبر
۱۱۰	اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کی حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت کا باعث ہو یا کسی شئے کی نسبت ایسی حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت کا باعث ہو کہ وہ شئے اُس دوسرے شخص کے جسم کے کسی جزو سے اتصال پائے یا کسی ایسی چیز سے اتصال پائے جسکو وہ دوسرا شخص پہنے ہوئے یا لیے ہوئے ہو یا کسی ایسی چیز سے اتصال پائے جو ایسے موقع میں ہو کہ وہ اتصال اُس دوسرے شخص کے لامسہ پر موثر ہو تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نے دوسرے شخص پر جبر کیا۔ مگر شرط یہ ہے کہ وہ شخص جو حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت کا باعث ہو نیچے لکھے ہوئے تینوں طریقوں میں سے کسی طریق پر اُس حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت کا باعث ہو۔ پہلے۔ خود اپنی قوت جسمانی سے۔ دوسرے۔ کسی شئے کو ایسے طور پر رکھنے سے کہ وہ حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت بلا ارتکاب کسی اور فعل کے اُس شخص کی جانب سے یا کسی دوسرے شخص

دفعات	تعریف جرم و سزا
	ہتیار کے ذریعہ سے جسکو حربہ کے کام میں لاویں تو اُسکے باعث سے ہلاکت واقع ہونے کا احتمال ہے یا آگ یا کسی گرم کیے ہوے مادّہ کے ذریعہ سے یا کسی زہر یا کسی اکال مادّہ کے ذریعہ سے یا بھاپ سے اُڑجانے والے کسی مادّہ کے ذریعہ سے یا کسی ایسے مادّہ کے ذریعہ سے جسکا سٹرکنا یا دم لگانا یا نگلنا یا خون میں ملا لینا انسان کے جسم کو مضر ہو یا کسی حیوان کے ذریعہ سے بالارادہ ضرر شدید پہونچاے تو اُس شخص کو حبس دوام کی سزا دی جائیگی یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ضرر پہونچانے کی نیت یا علم سے یا بغرض سہولیت ارتکاب کسی جرم کے کوئی زہر یا کوئی مُنشّی شے یا ایسی شے کہ جو مضر صحت ہو کھلائی جاوے
۱۰۷	جو کوئی شخص کسی قسم کا زہر یا کوئی بیہوش کرنے والی یا مُنشّی یا مضر صحت دواے مفرد یا مرکب یا کوئی دوسری شے اس نیت سے کسی شخص کو کھلاے یا کھلواے کہ اُس شخص کو ضرر پہونچاے یا اس نیت سے کہ کسی جرم کا ارتکاب کرے یا اُسکے ارتکاب کو سہل کرے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ وہ اُسکے ذریعہ سے ضرر پہونچائیگا تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	مزاحمت بیجا
۱۰۸	جو کوئی شخص کسی شخص کا بالارادہ اس طرح سدِّ راہ ہو کہ اُس شخص کو کسی ایسی سمت میں جانے سے روکے جس میں وہ جانے کا استحقاق رکھتا ہو تو کہا جائیگا کہ اُسنے اُس شخص کی مزاحمت بیجا کی۔

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	بالارادہ ضرر شدید پہونچانا
۱۰۵	ضرر کی صرف وہ قسمیں جو نیچے لکھی جاتی ہیں ضرر شدید کہی جائینگی۔ پہلے۔ مخنث کیا جانا۔ دوسرے۔ کسی ایک آنکھ کی بصارت کا ہمیشہ کے لئے معدوم کیا جانا۔ تیسرے۔ کسی ایک کان کی سماعت کا ہمیشہ کے لئے معدوم کیا جانا۔ چوتھے۔ کسی عضو یا مفصل جوڑ کا معدوم کیا جانا۔ پانچویں۔ کسی عضو یا مفصل کے قوی کا معدوم کیا جانا یا ہمیشہ کے لئے ضعیف کیا جانا۔ چھٹے۔ سر یا چہرہ کا ہمیشہ کے لئے بدصورت کیا جانا۔ ساتویں۔ کسی ہڈی یا دانت کا توڑ ڈالا جانا۔ یا اُکھاڑ ڈالا جانا۔ آٹھویں۔ کوئی ضرر جو جان کو خطرہ میں ڈالے یا بیس روز کے عرصہ تک شخص ضرر رسیدہ کو سخت درد جسمانی میں مبتلا رکھے یا اُسکو اپنے معمولی کاروبار کے کرنے کے ناقابل کردے۔
	بالارادہ ضرر شدید پہونچانا جو کوئی شخص بالارادہ ضرر پہونچاے تو اگر وہ ضرر جسکا پہونچانا اُسکی نیت میں ہو یا جسکو وہ جانتا ہو کہ اُس سے اُسکے پہنچنے کا احتمال ہے ضرر شدید ہو اور جو ضرر اُسنے پہونچایا ہے وہ ضرر شدید ہے تو کہا جائیگا کہ اُسنے بالارادہ ضرر شدید پہونچایا۔
	بالارادہ ضرر شدید پہونچانے کی سزا جو کوئی شخص بالارادہ ضرر شدید پہونچاے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	خطرناک حربوں یا وسیلوں سے بالارادہ ضرر شدید پہونچانا
۱۰۶	جو کوئی شخص تیر یا گولی وغیرہ چھوڑنے کے یا گھونپنے یا کاٹنے کے ہتیار یا کسی ایسے

دفعہ	تصریح جرم و سزا
	کی ہلاکت کا باعث ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ماں باپ یا کسی شخص محافظ کا بارہ سال سے کم عمر کے بچہ کو ڈال دینا اس غرض سے کہ کلیتاً اُس سے قطع تعلق ہو جاوے
۱۰۲	جو کوئی شخص کسی بارہ برس سے کم عمر طفل کا باپ یا ماں یا محافظ ہو کر اُس طفل کو کسی جگہ اس نیت سے ڈال دے یا چھوڑ دے کہ اُس طفل سے قطع تعلق کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	نعش کو چپکے سے علیحدہ کر دینے سے اخفائے ولادت
۱۰۳	جو کوئی شخص کسی طفل کی لاش چپکے سے دفن کر دینے سے یا کسی اور طرح اُسکو علیحدہ کر دینے سے قصداً اُس طفل کے تولد کا اخفا کرے یا اُسکے اخفا میں جہد کرے عام اس سے کہ وہ طفل پیدا ہونے سے پہلے یا پیچھے یا پیدا ہونے میں مرگیا ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	بالارادہ ضرر پہونچانا
۱۰۴	جو کوئی شخص اس نیت سے کوئی فعل کرے کہ اُسکے ذریعہ سے کسی شخص کو ضرر پہونچائے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ اُس فعل کے ذریعہ سے وہ کسی شخص کو ضرر پہونچائیگا اور اُسکے ذریعہ سے وہ کسی شخص کو ضرر پہونچائے تو کہا جائیگا کہ اُسنے بالارادہ ضرر پہونچایا۔
	سزا
	جو کوئی شخص بالارادہ ضرر پہونچائے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	سات برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی
	خودکشی کے ارتکاب کا اقدام
۹۸	جو کوئی شخص خودکشی کے ارتکاب کا اقدام کرے اور کوئی ایسا فعل کرے جو جرم مذکور کے ارتکاب کی طرف منجر ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	ٹھگ ہونا
۹۹	جو کوئی شخص کسی وقت کسی اور شخص یا اور اشخاص کے ساتھ عادتاً اس غرض سے ملاپ رکھتا ہو کہ قتل عمد کے ذریعہ سے یا بشمول قتل عمد کے سرقہ بالجبر یا دزدی اطفال کے جرم کا ارتکاب ہو تو وہ ٹھگ کہلایا جائیگا۔
	سزا
	جو کوئی شخص ٹھگ ہو اُسکو حبس دوام کی سزا دیجائیگی اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	اسقاط حمل کرنا یا کرانا
۱۰۰	جو کوئی شخص بالارادہ کسی عورت کے اسقاط حمل کا باعث ہو تو اگر وہ اسقاط حمل نیک نیتی سے اُس عورت کی جان بچانے کے لیئے نہ کرایا گیا ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	تشریح
	وہ عورت جو خود اپنے اسقاط حمل کی باعث ہو اس دفعہ کی مراد میں داخل ہے۔
	ہلاکت جسکا باعث وہ فعل ہو جو اسقاط حمل کرانے کی نیت سے کیا گیا ہے
۱۰۱	جو کوئی شخص کسی عورت کا اسقاط حمل کرانے کی نیت سے کوئی ایسا فعل کرے جو اُس عورت

تعریف جرم و سزا	نمبر دفعہ
بے احتیاطی یا غفلت کے کسی فعل سے ہلاکت کا باعث ہونا	
اگر کوئی شخص کسی بے احتیاطی یا غفلت کے فعل سے قتل انسان مستلزم سزا کی حد تک نہ پہونچے کسی شخص کی ہلاکت کا باعث ہو تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔	۹۲
خودکشی کے ارتکاب میں اعانت کرنا	
اگر کوئی شخص خودکشی کا ارتکاب کرے تو جو کوئی شخص اُس خودکشی کے ارتکاب میں اعانت کرے اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا	۹۳
قتل عمد کا اقدام	
جو کوئی شخص کوئی فعل ایسی نیت یا ایسے علم سے اور ایسی حالت میں کرے کہ اگر وہ اُس فعل کے ذریعہ سے ہلاکت کا باعث ہوتا تو قتل عمد کا مجرم ہوتا تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔	۹۴
ایضاً۔ اگر ایسے فعل سے کسی شخص کو ضرر پہونچے	
اگر اُس فعل کے باعث سے کسی شخص کو ضرر پہونچے تو مجرم یا تو حبس دوام یا قید دس سال کا مستوجب ہوگا۔	۹۵
قتل انسان مستلزم سزا کے ارتکاب کا اقدام	
جو کوئی شخص کوئی فعل ایسی نیت یا ایسے علم سے اور ایسی حالت میں کرے کہ اگر وہ اُس فعل کے ذریعہ سے ہلاکت کا باعث ہو تو وہ اُس قتل انسان مستلزم سزا کا مجرم ہوا جو قتل عمد کی حد کو نہیں پہونچتا ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔	۹۶
ایضاً۔ اگر ایسے فعل سے کسی شخص کو ضرر پہونچے	
اگر اُس فعل کے باعث سے کسی شخص کو ضرر پہونچے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد	۹۷

دفعات	تعریف جرم و سزا

تمثیل

زید بکر سے جسکی عمر اٹھارہ برس سے کم ہے ترغیب دیکر بالارادہ خودکشی کا ارتکاب کرائے تو چونکہ اس صورت میں بحکم کم عمری کے باعث سے اپنی ہلاکت کی نسبت رضامندی ظاہر کرنے کے قابل نہ تھا اسلیئے زید نے قتل عمد میں اعانت کی۔

سزاے قتل انسان مستلزم سزا جو قتل عمد تک نہ پہونچے

جو کوئی شخص ایسے قتل انسان مستلزم سزا کا مرتکب ہو جو قتل عمد کی حد کو نہ پہونچتا ہو تو اس شخص کو حبس دوام کی سزا دی جائیگی یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا بشرطیکہ وہ فعل جس سے ہلاکت واقع ہوئی ہلاکت کے باعث ہونے کی نیت سے یا ایسے ضرر جسمانی کے باعث ہونے کی نیت سے کیا گیا جس سے ہلاکت واقع ہونے کا احتمال ہے۔

سزاے قتل عمد

جو کوئی شخص قتل عمد کا مرتکب ہو اُسکو سزاے موت یا حبس دوام کی سزا دی جائیگی اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

اگر فعل مذکور اس علم سے کیا گیا ہو کہ اُس سے وقوع ہلاکت کا احتمال ہے لیکن کچھ یہ نیت نہ ہو کہ اُس سے ہلاکت واقع ہو

۹۱ اگر فعل مذکور اس علم سے کیا گیا ہو کہ اُس سے ہلاکت واقع ہونے کا احتمال ہے مگر کچھ یہ نیت نہ ہو کہ اُس سے ہلاکت واقع ہو یا ایسا ضرر جسمانی پہونچے جس سے ہلاکت واقع ہونے کا احتمال ہے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	کی پہلے سے کوئی فکر یا نیت نکر کے اُس شخص کو ہلاک کرے جسکے دفعیہ میں اُس استحقاق حفاظت کو نافذ کرتا ہے۔

تمثیل

زید بکر کے کوڑے مارنے کا اقدام کرے نہ اسطرح پر کہ بکر کو ضرر شدید پہونچے اور بکر تمنچہ نکال لے اور زید اُس حملہ میں اصرار کرے اور بکر نیک نیتی سے یہ سمجھکر کہ وہ اپنے تئیں کسی اور تدبیر سے کوڑے کھانے سے نہیں بچا سکتا زید کو تمنچہ مار کر ہلاک کرے تو بکر قتل عمد کا مرتکب نہیں ہوا بلکہ صرف قتل انسان مستلزم سزا کا۔

مستثنی (۳) قتل انسان مستلزم سزا قتل عمد نہ ہوگا اگر مجرم جو سرکاری ملازم ہو یا کسی ایسے سرکاری ملازم کی مدد کر رہا ہو جو معدلت عامہ کے اجرا کے لیئے عمل کر رہا ہے اُن اختیارات سے جو اُسکو قانون کی رو سے حاصل ہیں بڑھ جاوے اور کسی ایسے فعل کے کرنے سے ہلاکت کا باعث ہو جسکو وہ نیک نیتی سے جائز اور منصبی خدمت کی مناسب انجام دہی کے لیئے بحیثیت اُس سرکاری ملازمت کے ضروری سمجھتا ہو اور اُس شخص سے جو ہلاک ہوا کچھ عداوت نہ رکھتا ہو۔

مستثنی (۴) قتل انسان مستلزم سزا قتل عمد نہ ہوگا اگر پہلے سے فکر نہ کر کے ناگہانی تنازعہ کے واقع ہونے پر بحالت غیظ ناگہانی لڑائی میں اُسکا ارتکاب ہوا ہو اور بدون اسکے کہ مجرم نے اُس عمل میں نامناسب استفادہ کیا ہو یا بے رحمی سے یا غیر مستعمل طور پر عمل کیا ہو۔

تشریح

ایسی صورتوں میں یہ امر لحاظ طلب نہیں ہے کہ اشتعال طبع کس فریق نے دلایا یا کس نے پہلے حملہ کا ارتکاب کیا۔

مستثنی (۵) قتل انسان مستلزم سزا اُس حالت میں قتل عمد نہ ہوگا جبکہ وہ شخص جو ہلاک کیا گیا ہے اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کا ہو اور اپنی رضامندی سے ہلاک کیا جاوے یا ہلاکت کا خطرہ اٹھاوے۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	(ب) بکر زید کو سخت اور ناگہاں باعث اشتعال طبع دلائے اور زید اُس باعث اشتعال طبع کے ہوتے ہی بکر پر تپنچہ چلائے اور خالد کے ہلاک کرنے کی نہ اُسکی نیت ہو اور نہ اس امر کا احتمال اُسکے علم میں ہو کہ وہ خالد کو ہلاک کرے جو اُسکے پاس کھڑا ہے مگر نظر نہیں آتا اور زید خالد کو ہلاک کرے ۔ تو اس صورت میں زید قتل عمد کا مرتکب نہیں ہوا بلکہ صرف قتل انسان مستلزم سزا کا ۔ (ج) زید کہ ناظر کا پیادہ ہو جواز اً بکر کو گرفتار کرے اور بکر گرفتاری کے باعث دفعتاً غیظ شدید میں آکر زید کو ہلاک کرے تو یہ قتل عمد ہے کیونکہ وہ باعث اشتعال طبع ایک ایسے امر سے دلایا گیا جو ایک سرکاری ملازم کی جانب سے اُسکے اختیارات کے نفاذ میں سرزد ہوا ۔ (د) زید بکر کے روبرو جو مجسٹریٹ ہے گواہ کے طور پر حاضر ہوا اور بکر یہ کہے کہ میں زید کے اظہار کے کسی ایک لفظ پر بھی اعتماد نہیں کرتا اور زید نے حلف دروغی کی اور زید ان باتوں سے دفعتاً غیظ میں آجائے اور بکر کو ہلاک کرے تو یہ قتل عمد ہے ۔ (ہ) زید بکر کی ناک مروڑنے کا اقدام کرے اور بکر استحقاق حفاظت خود اختیاری کے نفاذ میں زید کو اس لیئے پکڑ لے کہ اُسکی یہ حرکت روکے اور زید اس سبب سے دفعتاً غیظ شدید میں آکر بکر کو ہلاک کرے تو یہ قتل عمد ہے کیونکہ وہ باعث اشتعال طبع ایسے امر سے دلایا گیا جو استحقاق حفاظت خود اختیاری کے نفاذ میں سرزد ہوا ۔ (و) زید بکر کو مارے اور بکر اُس باعث اشتعال طبع کے سبب سے غیظ شدید میں بھر جائے اور خالد جو قریب کھڑا ہوا اس نیت سے کہ اس غیظ میں زید کو بکر سے ہلاک کرانے کا موقع مل جائے بکر کے ہاتھ میں اس غرض سے ایک چھری دیدے اور بکر اُس چھری سے زید کو ہلاک کرے تو اس صورت میں ممکن ہے کہ بکر صرف قتل انسان مستلزم سزا کا مرتکب ہو مگر خالد قتل عمد کا مرتکب ہوگا ۔ مستثنیٰ (۲) قتل انسان مستلزم سزا قتل عمد نہ ہوگا اگر مجرم نیک نیتی سے استحقاق حفاظت خود اختیاری جسم یا مال کے نفاذ میں اُس اختیار سے بڑھ جاوے جو اُسکو قانون کی رو سے حاصل ہے اور اُس ضرر سے جو اُس حفاظت کے لیئے ضرور ہے زیادہ ضرر پہونچانے

	تعریف جرم و سزا

جبکہ سخت و ناگہانی باعث اشتعال طبع کے سبب سے مجرم کو اپنے ضبط کرنے کی قدرت نہ رہے اور وہ اُس شخص کو ہلاک کرے جسنے وہ باعث اشتعال طبع دلایا ہو یا غلطی یا اتفاق سے کسی دوسرے شخص کی ہلاکت کا باعث ہو۔

مندرجہ بالا استثنیٰ نیچے لکھی ہوئی شرطوں سے مشروط ہوگا

پہلی - یہ کہ مجرم خود اُس باعث اشتعال طبع کا طالب نہ ہوا ہو یا بالارادہ اس غرض سے اُس باعث اشتعال طبع کا محرک نہ ہوا ہو کہ اُسے کسی شخص کے ہلاک کرنے یا اُسکو ضرر پہونچانے کی وجہ ہو جاے۔

دوسری - یہ کہ وہ باعث اشتعال طبع ایسے امر کے سبب سے نہ دلایا گیا ہو جو قانون کی تعمیل میں کیا گیا ہے یا جسکو کسی سرکاری ملازم نے اپنی سرکاری ملازمت کے اختیارات کے نفاذ جائز میں کیا ہے

تیسری - یہ کہ وہ باعث اشتعال طبع کسی ایسے امر کے سبب سے نہ دلایا گیا ہو جو استحقاق حفاظت خود اختیاری کے نفاذ جائز میں کیا گیا ہے۔

تشریح

یہ بات کہ آیا وہ باعث اشتعال طبع واقع میں ایسا سخت و ناگہانی تھا یا نہیں کہ اُس سے اُس جرم کا قتل عمد کی حد تک پہونچنا رک جاے ایک امر تنقیح طلب ہے۔

تمثیلیں

(الف) زید غلبہ غیظ میں جو بکر کے دلاے ہوے باعث اشتعال طبع کے سبب مشتعل ہو گیا ہو بکر کے طفل حامد نامی کو قصداً ہلاک کرے تو یہ قتل عمد ہے کیونکہ وہ باعث اشتعال طبع طفل نے نہیں دلایا تھا اور اُس طفل کی ہلاکت اتفاق یا شامت سے کسی ایسے فعل کے کرنے میں واقع نہیں ہوئی جسکا سبب وہ باعث اشتعال طبع ہوا ہو۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	چوتھی۔ اگر وہ شخص جو اُس فعل کا مرتکب ہے یہ جانتا ہو کہ وہ فعل ایسا شدت سے خطرناک ہے کہ اغلباً ہلاکت یا ایسے ضرر جسمانی کا باعث ہوگا جس سے ہلاکت واقع ہونے کا احتمال ہے اور اُس فعل کے ارتکاب میں ہلاکت کا خطرہ یا ضرر مذکور الصدر کا خطرہ پیدا کرنا محض بلا وجہ ہو

تمثیلیں

الف۔ زید بکر کے مار ڈالنے کی نیت سے اُس پر بندوق چلاوے اور بحر اُس سے مر جاوے تو زید قتل کا مرتکب ہوا۔

(ب) زید یہ جانکر کہ بکر ایسے مرض میں مبتلا ہے کہ ایک ضرب سے اُسکے ہلاک ہوجانے کا احتمال ہے ضرر جسمانی پہونچانے کی نیت سے بکر کو مارے اور بحر اُس ضرب کے سبب سے مر جاوے تو زید قتل عمد کا مجرم ہوگا گو ایسی ضرب طبیعت کی عادت معہودہ کے موافق (یعنی عادتاً) کسی تندرست شخص کی ہلاکت کے باعث ہونے کو کافی نہو سکے لیکن اگر زید یہ نہ جانتا ہو کہ بکر کسی مرض میں مبتلا ہے اور اُسکے ایسی ضرب لگاوے جو طبیعت کی عادت معہودہ کے موافق (یعنی عادتاً) کسی تندرست شخص کی ہلاکت کے باعث ہونے کو کافی نہو سکے تو اس صورت میں زید قتل عمد کا مجرم نہ ہوگا اگرچہ اُسنے ضرر جسمانی پہونچانے کی نیت کی ہو بشرطیکہ ہلاک کرنا یا ایسا ضرر جسمانی پہونچانا اُسکی نیت میں نہ تھا جو طبیعت کی عادت معہودہ کے موافق (یعنی عادتاً) ہلاکت کا باعث ہو سکتا ہے۔

(ج) زید تلوار یا لٹھ سے بکر کو قصداً ایسا زخم پہونچاوے جو طبیعت کی عادت معہودہ کے موافق (یعنی عادتاً) کسی آدمی کے ہلاک کرنے کو کافی ہوتا ہے اور بحر اُس زخم کے سبب سے مر جاوے تو اُس صورت میں زید قتل عمد کا مجرم ہوگا گو بکر کا ہلاک کرنا اُسکی نیت میں نہ تھا۔

(د) زید لوگوں کے ایک غول پر محض بلا وجہ بھری ہوئی توپ چلاوے اور اُن میں سے ایک کو ہلاک کرے تو زید قتل عمد کا مجرم ہوگا گو پہلے سے فکر کرکے اُسنے کسی خاص شخص کے ہلاک کرنے کا ارادہ نہ کیا ہو۔

جبکہ قتل انسان مستلزم سزا قتل عمد نہیں ہے } مستثنیٰ (۱) قتل انسان مستلزم سزا قتل عمد نہوگا

دفعات	تعریف جرم و سزا
	سکے جرم کا مرتکب ہوا۔ (ج) زید کسی مرغی کو مارنے اور چرانے کی نیت سے مرغی پر بندوق چلائے اور بکر کو جو کسی جھاڑی کے پیچھے ہو ہلاک کرے اور زید کو یہ نہ معلوم ہو کہ بکر وہاں ہے تو اس صورت میں زید قتل انسان مستلزم سزا کے جرم کا مجرم نہ ہوگا گو وہ ایک فعل ناجائز کرتا تھا کیونکہ اُس نے بکر کے مار ڈالنے کی نیت نہیں کی تھی اور نہ اُسکی یہ نیت تھی کہ ایسے فعل کے کرنے سے جس سے وہ جانتا تھا کہ ہلاکت ہو جانے کا احتمال ہے ہلاکت کا باعث ہو جائے۔ **تشریح ۱** ۔ جو کوئی شخص کسی اور شخص کو جو کسی عارضہ یا مرض یا ضعف جسمانی میں مبتلا ہو ضرر جسمانی پہونچائے اور اُسکے ذریعہ سے اُسکی ہلاکت کی تعجیل کا باعث ہو تو شخص مذکور اُسکی ہلاکت کا باعث متصور ہوگا۔ **۲** ۔ جس حال میں ضرر جسمانی کے سبب سے ہلاکت واقع ہو وہ شخص جو اُس ضرر جسمانی کا باعث ہے اُس ہلاکت کا باعث متصور ہوگا گو مناسب تدبیروں اور عاقلانہ علاج کی طرف رجوع کرنے سے اُس ہلاکت کی روک ہو سکتی تھی۔ **۳** ۔ رحم مادر میں کسی بچہ کی ہلاکت کا باعث ہونا قتل انسان نہیں ہے مگر کسی زندہ بچہ کی ہلاکت کا باعث ہونا قتل انسان مستلزم سزا کی حد تک پہونچ سکتا ہے اگر اُس بچہ کا کوئی جزو رحم مادر سے باہر نکل آیا ہو گو اُس بچہ نے سانس نہ لی ہو یا تمام و کمال پیدا نہ ہوا ہو۔
	قتل عمد
۹۰	اُن صورتوں کے سوا جو نیچے مستثنیٰ کی جاتی ہیں قتل انسان مستلزم سزا قتل عمد ہوگا اگر وہ فعل جسکے باعث سے ہلاکت واقع ہوئی اس نیت سے کیا گیا کہ ہلاکت کا باعث ہو یا دوسری ۔ اگر فعل ایسے ضرر جسمانی کے پہونچانے کی نیت سے کیا گیا ہو جس سے مجرم کے علم میں شخص ضرر رسیدہ کے ہلاک ہونے کا احتمال ہے یا۔ تیسری ۔ اگر فعل کسی شخص کو ضرر جسمانی پہونچانے کی نیت سے کیا گیا اور وہ ضرر جسمانی جسکا پہونچانا مقصود تھا طبیعت کی عادت معہودہ کے موافق (یعنی عادتاً) ہلاک کرنیکو کافی ہو یا

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا

کی ایک طرح کی توہین سمجھے گا تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

باب ۱۲ اُن جرموں کے بیان میں جو جسم انسان پر موثر ہیں اور اُن جرموں کے بیان میں جو انسان کی جان پر موثر ہیں

قتل انسان مستلزم سزا

۸۹ جو کوئی شخص کسی فعل کے ارتکاب سے ہلاکت کا باعث ہو اس نیت سے کہ ہلاکت وقوع میں آئے یا اس نیت سے کہ ایسا ضرر جسمانی وقوع میں آئے جس سے ہلاکت ہو جانے کا احتمال ہے یا اس علم سے کہ غالباً اُس فعل کے کرنے سے وہ ہلاکت کا باعث ہو گا تو وہ شخص جرم قتل انسان مستلزم سزا کا مرتکب ہے۔

تمثیلیں

الف ۔ زید کسی غار پر لکڑیاں اور گھاس پھوس پاٹ دے اس نیت سے کہ اُسکے ذریعہ سے ہلاکت کا باعث ہو یا اس علم سے کہ اُسکے ذریعہ سے ہلاکت واقع ہونے کا احتمال ہے اور بکر اُسکو سخت زمین سمجھکر اُسپر چلے اور اُسمیں گر کر ہلاک ہو جائے تو زید قتل انسان مستلزم سزا کا مرتکب ہے۔

(ب) زید یہ جانتا ہو کہ بکر کسی جھاڑی کے پیچھے ہے اور عمرو یہ نہ جانتا ہو اور زید عمرو کو اُس جھاڑی پر بندوق چلانے کی تحریک کرے اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ وہ تحریک بکر کی ہلاکت کا باعث ہوگی عمرو بندوق چلائے اور بکر کو ہلاک کرے تو اس صورت میں ممکن ہے کہ عمرو کسی جرم کا مجرم نہ ہو مگر زید قتل انسان مستلزم سزا

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	تنبیہ
	بموجب ہدایت نمبر ۱۵۹ ۱۸۸۵ء اڈہ میں جانے والے بھی مجرم ہیں۔
	شارع عام پر پیشاب کرنا جہاں پیشاب کرنے کی ممانعت ہے
۸۷	جو کوئی شخص شارع عام میں سڑک یا کسی بدررو پر کہ جو خاص پیشاب گاہ کے واسطے نہیں بنائی گئی ہے پیشاب یا پاخانہ خود کرے یا کسی بچہ کو کرائے جس سے آنے جانے والوں کی نگاہوں میں موجب بے شرمی کا متصور ہو تو اسکو جرمانہ کی سزا دی جائیگی جسکی مقدار پانچ روپیہ تک ہو سکتی ہے۔
	باب ۱۱ اُن جرموں کے بیان میں جو مذہب سے متعلق ہیں
	کسی فرقہ کے مذہب کی توہین کرنے کی نیت سے کسی عبادت گاہ کو نقصان پہونچانا یا نجس کرنا یا کوئی ایسی حرکت کرنا کہ جس سے لوگوں کا دل دکھے اور رنجیدہ ہو
۸۸	جو کوئی شخص کسی عبادت گاہ یا کسی شئے کو جو لوگوں کے کسی فرقہ کے نزدیک متبرک سمجھی جاتی ہو خراب کرے یا مضرت پہونچائے یا نجس کرے اُسکے ذریعہ سے لوگوں کے کسی فرقہ کے مذہب کی توہین کرنے کی نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ لوگوں کا کوئی فرقہ اُس خراب کرنے یا مضرت پہونچانے یا نجس کرنے کو اپنے مذہب

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	(مستثنیٰ)
	اس دفعہ کے حکم میں وہ شبیہ شامل نہوگی (خواہ تراشی ہوئی یا کھدی ہوئی یا رنگدار بنی ہوئی ہو خواہ اور طرح پر بنائی گئی ہو) جو کسی مندر کے اوپر ہو یا اندر یا کسی ایسی گاڑی کے اوپر ہو جو بتوں کے لے جانے کے واسطے استعمال کی جاتی ہو یا کسی مذہبی غرض کے لیے رکھی یا استعمال کی گئی ہو۔
	فحش افعال اور گیت
۸۴	جو کوئی شخص اوروں کے رنج پہونچانے کو۔ اول۔ کوئی فحش فعل عامہ خلایق کی آمد و رفت کی جگہ میں کرے یا دوسرے۔ عامہ خلایق کی آمد و رفت کی جگہ میں یا اُسکے قریب کوئی فحش گیت گاوے یا کوئی فحش شعر پڑھے یا فحش باتیں بکے تو اُس شخص کو جرمانہ کی سزا دی جائیگی جسکی مقدار پچاس روپیہ تک ہو سکتی ہے۔
	اپنے مکان کو کرایہ پر اجرائے اڈہ حرام کاری کے لئیے دینا
۸۵	جو کوئی شخص جان بوجھ کر اپنے مکان کو واسطے اجرائے اڈہ حرام کاری کے کرایہ پر دے یا بعد معلوم ہونے اس امر کے کہ اُس مکان میں ایسا چلن ہوتا ہے بدستور کرایہ پر رکھے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا جسکی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکتی ہے۔
	اڈہ حرام کاری جاری کرنا
۸۶	جو کوئی شخص حرام کاری کے لئیے اڈہ جاری کرے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک سال تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا جسکی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکتی ہے۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	امر باعث تکلیف عام کے ارتکاب کی سزا
	جو کوئی شخص کسی ایسی حالت میں کسی امر باعث تکلیف عام کا مرتکب ہو جسکی پاداش میں اس مجموعہ کی رو سے کوئی اور سزا معین نہیں ہے تو شخص مذکور کو جرمانہ کی سزا دی جائیگی جسکی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکتی ہے۔
	امر باعث تکلیف عام کے نہ کرتے رہنے کی ہدایت پاکر اُسے کرتے رہنا
۸۲	اگر کوئی شخص کسی امر باعث تکلیف عام کا اعادہ کرے یا اُسے کرتا رہے جسکو کسی ایسے سرکاری ملازم کی جانب سے اُس امر باعث تکلیف کے اعادہ نکرنے یا اُسے نکرتے رہنے کی ہدایت ہو چکی ہو جو ایسی ہدایت نافذ کرنے کا اختیار جائز رکھتا ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	فحش کتابوں یا تصویروں کا بیچنا یا دکھانا یا بیچنے یا دکھانے کے لیئے پاس رکھنا
۸۳	جو کوئی شخص کوئی فحش کتاب یا رسالہ یا تحریر یا تصویر سادہ یا رنگ دار یا شبیہ یا مورت کو بیچے یا بانٹے یا کرایہ پر چلانے کے لیئے دوسری جگہ سے لاے یا چھاپے یا عمداً عامہ خلائق کو دکھنے یا بیچنے کے لیئے پاس رکھے یا ایسے کرنے پر اقدام کرے یا ایسا کرنے کو خود کہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین مہینہ تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	میں اسطرح پر آمیزش کی گئی ہے کہ اُسکے سبب سے اُسکی تاثیر کم ہوگئی یا عمل بدل گیا یا وہ مضر بنادی گئی اُسکو بیچے یا معرض بیع میں رکھے یا بیچنے کے لیئے نکالے یا دواخانہ سے معالجہ کے لیئے ایسی دوا کی حیثیت سے جس میں آمیزش نہیں کی گئی تقسیم کرے یا کسی شخص سے جو اُس آمیزش سے واقف نہو معالجہ کے لیئے اُسکا استعمال کرائے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	شارع عام پر ایسی بے احتیاطی اور غفلت سے گاڑی چلانا یا سوار ہوکر نکلنا جس سے آدمی کی جان وغیرہ کو خطرہ پہونچے
۸۰	جو کوئی شخص کسی شارع عام میں ایسی بے احتیاطی یا غفلت سے کوئی گاڑی چلاے یا سوار ہوکر نکلے کہ اُس سے انسان کی جان کو خطرہ ہو یا کسی دوسرے شخص کو ضرر یا نقصان پہونچنے کا احتمال ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی
	امور باعث تکلیف عام کا ارتکاب
۸۱	وہ شخص امر باعث تکلیف عام کا مجرم ہوگا جو کوئی ایسا فعل کرے یا کسی ایسے ترک یا جائز کا مجرم ہو جو عامہ خلائق کو یا عموماً اُن لوگوں کو جو اُسکے قرب وجوار میں رہتے یا کسی زمین یا مکان پر دخل رکھتے ہوں کوئی نقصان عام یا خطرہ عام یا رنج عام پہونچاے یا جو اُن لوگوں کو جنہیں کسی استحقاق عامہ کے کام میں لانے کی ضرورت ہو بالضرور نقصان یا مزاحمت یا خطرہ یا رنج پہونچاے۔

باب ۱۴ اُن جرموں کے بیان میں جو عامہ خلائق کی عافیت اور امن اور آسائش میں اور حیا اور عادات پر موثر ہیں

غفلتاً وہ کام کرنا جس سے جان کو خطرہ پہونچانیوالے کسی مرض کی عفونت پھیلنے کا احتمال ہو

۲۶۹ جو کوئی شخص خلاف قانون یا غفلت سے کوئی فعل کرے جو ایسا ہے اور جسکو وہ جانتا ہے یا جسکی نسبت وہ باور کرنیکی وجہ رکھتا ہے کہ اُس سے کسی ایسے مرض کی عفونت پھیلنے کا احتمال ہے جس سے جان کو خطرہ ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

آدمی کے کھانے یا پینے کی شے یا دوا ئے مفرد یا مرکب میں جس کا بیچنا مقصود ہو اسطرح کی آمیزش کرنا جس سے وہ مضر ہو جائے یا اُسکا عمل بدل جائے

۲۷۲ جو کوئی شخص کھانے یا پینے کی کسی شے یا دوائے مفرد یا مرکب میں ایسی طرح سے آمیزش کرے کہ وہ شے کھانے یا پینے میں مضر ہو جائے اس نیت سے کہ اُس شے کو کھانے یا پینے کی شے کی حیثیت سے بیچے یا اس علم سے کہ کھانے یا پینے کی شے کی حیثیت سے اُس شے کے بک جانے کا احتمال ہے یا ایسی دوائے مفرد یا مرکب

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	تلبیس اسٹامپ
۷۵	جو کوئی شخص کسی ایسے اسٹامپ کی تلبیس کرے یا جان بوجھکر اسکی تلبیس کے عمل کا کوئی کوئی جزو انجام دے جو سرکار کی جانب سے سرکاری آمدنی کے لیئے جاری کیا گیا ہے۔ تو شخص مذکور کو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	تلبیس اسٹامپ کو بیچنا یا اپنے پاس رکھنا یا بنانا یا بیچنا یا اصلی اسٹامپ کی حیثیت سے کام میں لانا
۷۶	جو کوئی شخص کوئی اسٹامپ بنائے یا بیچے یا معرض بیع میں رکھے یا اپنے پاس رکھے یا اصلی اسٹامپ کی حیثیت سے کام میں لائے یہ جانکر یا باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ وہ کسی ایسے اسٹامپ سے ملتبس ہے جو سرکار کی جانب سے سرکاری آمدنی کے لیئے جاری کیا گیا ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	باب ۹ اُن جرموں کے بیان میں جو باٹوں اور پیمانوں سے متعلق ہیں
	جھوٹا پیمانہ یا باٹ کا استعمال کرنا یا استعمال کے لیئے پاس رکھنا یا بنانا یا بیچنا
۷۷	جو کوئی شخص پیمانہ یا تولنے کے کسی آلہ کو جسے وہ جھوٹا جانتا ہو فریب سے کام میں لائے یا استعمال کے لیئے پاس رکھے یا بنائے یا بیچے تو اس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	قصداً سرکاری ملازم کی توہین کرنا یا اُسکا ہارج ہونا جبکہ وہ عدالت کی کارروائی کی کسی حالت میں اجلاس کر رہا ہو
۲۲۸	جو کوئی شخص قصداً کسی سرکاری ملازم کی توہین کرے یا کسی طرح کسی سرکاری ملازم کا ہارج ہو جبکہ وہ سرکاری ملازم عدالت کی کارروائی کی کسی حالت میں اجلاس کر رہا ہو تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	باب ۱۲ اُن جرموں کے بیان میں جو سکہ اور اسٹامپ سے متعلق ہیں
	سکہ کی تلبیس کرنا یا اُسکے تلبیس کے کسی جزو کو انجام دینا
۲۳۱	جو کوئی شخص سکہ کی تلبیس کرے یا سکہ کی تلبیس کے عمل کا کوئی جزو جان بوجھکر انجام دے تو شخص مذکور کو حبس دوام یا قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	فریب یا بددیانتی سے سکہ کا وزن گھٹانا یا اُسکی ترکیب بدلنا
۲۴۶	جو کوئی شخص کسی سکہ پر فریب یا بددیانتی سے کوئی ایسا عمل کرے جس سے اُس سکہ کا وزن کم ہو جائے یا اُس سکہ کی ترکیب بدل جائے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے۔ اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	سات برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	سرکاری ملازم غفلت کر کے کسی کو حبس یا حراست سے بھاگ جانے دے
۲۲۳	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے اور جسپر اُسکی سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی ایسے شخص کا حبس میں رکھنا قانوناً واجب ہے جسپر کسی جرم کا الزام لگا یا گیا ہو یا جو کسی جرم کا مجرم ثابت ہوا ہو "یا جو قانوناً حراست میں رکھا گیا ہو" غفلت کر کے اُس شخص کو حبس سے بھاگ جانے دے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	دوسرے شخص کی یا اپنی گرفتاری جائز میں تعرض یا مزاحمت کرنا یا اُسکو یا خود کو حراست جائز سے چھڑا لینا یا کسی حراست سے بھاگ جانا یا قصد بھاگ جانے کا کرنا یا قصد چھڑا لینے کا کرنا۔
۲۲۴	جو کوئی شخص کسی ایسے جرم کی علت میں جسکا الزام اُسپر لگا یا گیا ہو یا جسکا مجرم وہ ثابت ہو چکا ہو اپنی جوازاً گرفتار کیئے جانے میں قصداً کسی طرح کا تعرض کرے یا خلاف قانون مزاحم ہو یا کسی حراست سے جس میں جرم مذکور کے سبب سے وہ قانوناً نظر بند ہے بھاگ جاوے یا بھاگ جانے کا اقدام کرے۔ یا جو کوئی شخص کسی جرم کی علت میں کسی دوسرے شخص کے جوازاً گرفتار کیئے جانے میں قصداً کسی طرح کا تعرض کرے یا خلاف قانون مزاحم ہو یا کسی حراست سے جسمیں کسی جرم کے سبب سے وہ شخص قانوناً نظر بند ہے چھڑا لے جاوے یا چھڑا لے جانے کا اقدام کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	مقرر ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	ایسے مجرم کو پناہ دینا جو حراست سے بھاگا ہوا ہو یا جسکی گرفتاری کا حکم ہو چکا ہو
۲۱۶	جب کبھی کوئی شخص جو کسی جرم کا مجرم ثابت ہوا ہو یا جسپر اُس جرم کا الزام لگایا گیا ہو اُس جرم کے لئے حراست جائزمیں ہو کر اُس حراست سے بھاگ جاے۔ یا جب کبھی کوئی سرکاری ملازم اپنی سرکاری ملازمت کے اختیارات جائز کے نفاذ میں کسی جرم کے لئے کسی خاص شخص کی نسبت گرفتار کئے جانے کا حکم دے تو جو کوئی شخص اُس بھاگ جانے یا اُس گرفتاری کے حکم کو جانکر اُس شخص کو گرفتار نہ ہونے دینے کی نیت سے پناہ دے یا چھپاے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	(مستثنیٰ)
	اس دفعہ کا حکم اُس حالت کو شامل نہ ہوگا جہاں پناہ دینا یا چھپانا اُس شخص کے شوہر یا زوجہ سے سرزد ہو جسکا گرفتار کیا جانا مقصود ہے۔
	شخص مجاز کا کسی کو تجویز جرم یا قید کے لئے سپرد کرنا بحالیکہ وہ جانتا ہو کہ یہ امر خلاف قانون کرتا ہوں
۲۱۹	اگر کوئی شخص جو کسی ایسے عہدہ پر ہے جسکی رو سے اُسکو قانوناً لوگوں کو تجویز یا قید کے لئے سپرد کرنے یا قید رکھنے کا اختیار حاصل ہے اُس اختیار کے نفاذ میں کسی شخص کو فاسد طور سے یا خباثت سے تجویز یا قید کے لئے سپرد کرتے یا قید رکھے یہ جانکر کہ ایسا کرنے میں۔ میں خلاف قانون عمل کرتا ہوں۔ تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جس کی میعاد

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	دس برس تک ہوسکتی ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ایضاً اگر مجرم قابل سزاے قید زائد از ایک سال و کم از قید دس سال ہو
۲۱۵	ایضاً اگر اُس جرم کی پاداش میں ایسی قید کی سزا مقرر ہو جسکی میعاد ایک برس سے زیادہ اور دس برس سے کم ہو تو اُس شخص کو وہ سزا دی جائیگی جو جرم مذکور کے لیئے مقرر ہے اور اُسکی میعاد اُس قید کی بڑی سے بڑی میعاد کی ایک چوتھائی تک ہوسکتی ہے جو اُس جرم کے لیئے مقرر ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	رشوت کا دینا ایسے مجرم کے بچانے کے واسطے جو قابل سزاے موت ہو
۲۱۶	جو کوئی شخص کسی جرم کے چھپانے یا کسی شخص کو کسی جرم کی سزاے جائز سے بچانے یا کسی شخص کو سزاے جائز کرانے سے باز رہنے کی عوض میں اپنے واسطے یا کسی اور شخص کے واسطے کوئی مابہ الاحتظاظ یا اپنے واسطے یا کسی اور شخص کے واسطے استرداد کے ذریعہ سے کوئی مال حاصل یا قبول کرے یا حاصل کرنے پر اقدام کرے یا قبول کرنے پر راضی ہو تو اگر اُس جرم کے پاداش میں سزاے موت مقرر ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ایضاً۔ اگر قابل سزاے قید کم از دہ سال ہو
۲۱۷	ایضاً۔ اگر اُس جرم کے پاداش میں ایسی قید کی سزا مقرر ہے جو دس برس سے کم ہو تو اُس شخص کو وہ سزا دی جائیگی جو اُس جرم کے لیئے مقرر ہے اور اُس کی میعاد اُس قید کی بڑی سے بڑی میعاد کی ایک چوتھائی تک ہوسکیگی۔ جو جرم مذکور کے لیئے

دفعات	تعریف جرم و سزا
	نقصان پہونچانے کی نیت سے جرم کا جھوٹا دعوے کرنا
۲۱۱	جو کوئی شخص کسی شخص کو نقصان پہونچانے کی نیت سے اُسپر فوجداری میں نالش دائر کرے یا کرائے یا کسی شخص پر کسی جرم کے ارتکاب کی نسبت جھوٹ موٹ الزام لگائے یہ جانکر کہ انصافاً یا قانوناً اُس شخص پر اُس نالش یا دعوے کی کوئی بنیاد نہیں ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	ایضاً اگر وہ جرم قابل سزائے موت یا حبس دوام یا قید زائد از ہفت سال ہو
۲۱۲	ایضاً اگر وہ فوجداری کی نالش کسی ایسے جرم کے جھوٹے دعوے سے دائر کی جائے جسکی پاداش میں سزائے موت یا حبس دوام یا سات برس سے زیادہ میعاد کی قید مقرر ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	پناہ دہی مجرم اگر قابل سزائے موت ہو
۲۱۳	جس حال میں کہ کسی جرم کا ارتکاب ہوا ہو تو جو کوئی شخص اس نیت سے کسی شخص کو پناہ دے یا چھپائے جسکا مجرم ہونا وہ جانتا یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو کہ اُس مجرم کو سزائے جائز سے بچائے۔ تو اگر اُس جرم کی پاداش میں سزائے موت مقرر ہو تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد پانچ برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	ایضاً اگر قابل سزائے حبس دوام یا قید دس سال ہو
۲۱۴	ایضاً۔ اگر اُس جرم کی پاداش میں حبس دوام یا ایسی قید کی سزا مقرر ہو جسکی میعاد

دفعات	تعریف جرم و سزا
	دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	غیر واجب روپیہ کے لیئے فریب سے ڈگری جاری ہونے دینا
۵۹	جو کوئی شخص کسی شخص کے دعوے میں ایسے روپیہ کے لیئے جو واجب الادا نہ ہو یا اُس رقم سے جو اُس شخص کا واجب الادا ہے زائد ہو یا کسی مال یا استحقاق کے لیئے جو اُس مال میں ہو جسکا وہ شخص مستحق نہ ہو فریب سے اپنے اوپر ڈگری یا حکم جاری کرائے یا جاری ہونے دے یا کسی ڈگری یا حکم کو اُسکی تعمیل ہو چکنے کے بعد اپنے اوپر یا کسی ایسی شئے کے لیئے جسکی نسبت اُسکی تعمیل ہو چکی ہو فریب سے جاری کرائے یا جاری ہونے دے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	غیر واجب روپیہ کے لیئے فریب سے ڈگری حاصل کرنا یا بعد وصول مطالبہ کے ڈگری کا اجراء کرانا
۶۰	کوئی شخص کسی شخص پر ایسے روپیہ کی بابت جو اُسکا واجب الادا نہ ہو یا اُسکے واجب الادا سے زائد ہو یا کسی ایسے مال یا استحقاق کی بابت جو اُس مال میں ہو اور جسکا وہ مستحق نہیں ہے کوئی ڈگری یا حکم فریب سے حاصل کرے یا کوئی ڈگری یا حکم اُسکی تعمیل ہو چکنے کے بعد کسی شخص پر جاری کرائے یا کسی ایسی شئے کے لیئے جاری کرائے جسکی نسبت اُسکی تعمیل ہو چکی ہو یا فریب سے اس قسم کا کوئی امر اپنے نام سے ہونے دے یا اُسکے کرنے کی اجازت دے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	اگر مستوجب قید کم از دس سال ہو
۵۶	ایضاً۔ اگر اُس جرم کی پاداش میں ایسی قید کی سزا مقرر ہے جسکی میعاد دس برس سے کم ہو تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جو اُس جرم کے لیئے مقرر ہے اور جسکی میعاد اُس قید کی بڑی سے بڑی میعاد کی ایک چوتھائی تک ہو سکتی ہے جو جرم مذکور کے لیئے مقرر ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	اگر جرم کی خبر دینے کو وہ شخص قصداً ترک کرے جسپر خبر دینا واجب ہے
۵۷	جو کوئی شخص یہ جانکر یا اس امر کے باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ کسی جرم کا ارتکاب ہوا قصداً اُس جرم کی نسبت کوئی ایسی خبر دینی ترک کرے جسکا دینا قانوناً اُسپر واجب ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائینگی۔
	کسی مقدمہ دیوانی یا فوجداری میں کسی امر یا عملدرآمد کے لیئے یا حاضر ضامن یا مال ضامن ہو جانے کے لیئے جھوٹ موٹ کوئی اور شخص بننا
۵۸	جو کوئی شخص جھوٹ موٹ کوئی اور شخص بنکر اُس وضع ادعائی کی حالت میں کوئی اقرار یا بیان کرے یا کوئی اقبال دعویٰ داخل کرے یا کوئی حکم نامہ جاری کرائے یا حاضر ضامن یا مال ضامن ہو جائے یا دیوانی یا فوجداری کے کسی مقدمہ میں کوئی اور امر کرے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	جھوٹا سیرٹیفکٹ جاری کرنا یا اُسپر دستخط کرنا
۵۳	جو کوئی شخص کوئی ایسا سیرٹیفکٹ جاری کرے یا اُسپر دستخط کرے جس کا دیا جانا یا دستخط کیا جانا قانون کی رو سے ضروری ہے یا جو کسی ایسے امر واقعی سے متعلق ہو جسکی وجہ ثبوت کے طور پر وہ سیرٹیفکٹ قانوناً لے لیئے جانے کے لائق ہے اور یہ جانکر یا باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ اُس سیرٹیفکٹ میں کوئی امر اہم جھوٹ لکھا ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	مجرم کو بچانے کے لیئے جرم کی وجہ ثبوت کو غائب کرا دینا یا جھوٹ خبر دینا اگر مستوجب سزاے موت ہو
۵۴	جو کوئی شخص یہ جانکر یا اس کے باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ کسی جرم کا ارتکاب ہوا اُس جرم کے ارتکاب کی کسی وجہ ثبوت کو اس نیت سے غائب کرا دے کہ مجرم کو سزا سے جانے سے بچاے یا اس نیت سے اُس جرم کی نسبت کچھ خبر دے جسکا جھوٹا ہونا وہ جانتا یا باور کرتا ہو تو اگر اُس جرم کی پاداش میں جسکو وہ جانتا یا باور کرتا ہے کہ اُسکا ارتکاب ہوا سزاے موت مقرر ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	اگر مستوجب حبس دوام ہو
۵۵	ایضاً اور اگر اُس جرم کی پاداش میں حبس دوام یا ایسی قید کی سزا مقرر ہے جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	غرض سے جھوٹی گواہی بنائے کہ وہ عدالت کی کسی کارروائی کی کسی حالت میں کام میں لائی جاوے تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	جرم قابل سزاے موت کے ثابت کرانے کی نیت سے جھوٹی گواہی دینا یا بنانا
۵۰	جو کوئی شخص جھوٹی گواہی دے یا بناوے اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ اُس جھوٹی گواہی کے باعث کسی شخص کو ایسے جرم کا مجرم ثابت کرائے جس کی پاداشن میں سزاے موت مقرر ہے تو شخص مذکور کو حبس دوام یا قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دس برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	اگر بے گناہ شخص اُسکے سبب سے مجرم ثابت ہو جاوے اور سزاے موت پا جاوے
۵۱	ایضاً اگر کوئی بے گناہ شخص اُس جھوٹی گواہی کے سبب سے مجرم ثابت ہو جاوے اور سزاے موت پا جاوے تو اُس شخص کو جسنے ایسی جھوٹی گواہی دی ہو یا تو سزاے موت دی جائیگی یا حبس دوام یا قید دس برس کی سزا دی جائیگی۔
	جھوٹ جانے ہوئے وجہ ثبوت کو کام میں لانا
۵۲	جو کوئی شخص فاسد طور سے کسی وجہ ثبوت کو جسے وہ جانتا ہے کہ جھوٹی یا بنائی ہوئی ہے سچی یا اصلی وجہ ثبوت کی حیثیت سے کام میں لاوے یا کام میں لانے کا اقدام کرے تو اُسکو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	کرنے یا کرانے کا قانوناً مجاز ہو تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

باب جھوٹی گواہی اور جرائم خلاف معدلت عامہ کے بیان میں

جھوٹی گواہی دینا

۱۹۴ کوئی شخص جسپر قانوناً حلف کی رو سے یا قانون کے کسی خاص حکم سے سچ سچ بیان کرنا یا قانون کی رو سے کسی امر کی نسبت کچھ اقرار کرنا واجب ہو کوئی ایسا بیان کرے جو جھوٹا ہو اور جسکو وہ جھوٹا جانتا خواہ جھوٹا باور کرتا ہو یا جسکو وہ سچا باور نہ کرتا ہو تو کہا جائیگا کہ اُسنے جھوٹی گواہی دی۔

جھوٹی گواہی بنانا

جو کوئی شخص کوئی صورت پیدا کرے یا کسی کتاب یا کسی کاغذ سررشتہ میں کوئی جھوٹی تحریر بنائے یا کوئی دستاویز جس میں کوئی جھوٹا بیان مندرج ہو بنائے اس نیت سے کہ وہ صورت یا جھوٹی تحریر یا جھوٹا بیان عدالت کی کسی کارروائی میں یا کسی کارروائی میں جو قانون کی رو سے کسی سرکاری ملازم کے روبرو اُسکی سرکاری ملازمت کی حیثیت سے یا کسی ثالث کے روبرو ہو رہی ہو وجہ ثبوت میں پیش ہو سکے اور اس نیت سے کہ وہ صورت یا جھوٹی تحریر یا جھوٹا بیان جو اسطرح وجہ ثبوت میں پیش ہو سکے کسی ایسے شخص کو جو اُس کارروائی میں وجہ ثبوت کی نسبت رائے لگائیگا کسی امر کی نسبت جو اُس کارروائی کے نتیجے کے لیئے اہم ہے غلط رائے بہم پہنچانے کا باعث ہو سکے تو کہا جائیگا کہ اُس شخص نے جھوٹی گواہی بنائی۔

سزا

جو کوئی شخص عدالت کی کارروائی کی کسی حالت میں قصداً جھوٹی گواہی دے یا اس

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	لوازم منصبی کی انجام دہی میں سرکاری ملازم کی مزاحمت کرنا
۱۸۶	جو کوئی شخص اُس حال میں کسی سرکاری ملازم کی بالارادہ مزاحمت کرے جبکہ وہ ملازم اپنے لوازم منصبی کو انجام دے رہا ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد تین مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانسو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی
	سرکاری ملازم کے باضابطہ مشہور کرائے ہوئے حکم سے عدول کرنا
۱۸۷	جو کوئی شخص یہ جانکر کہ اُسکو کسی حکم کے ذریعہ سے جو کسی ایسے سرکاری ملازم نے مشہور کرایا ہو جو قانون کی رو سے ایسے حکم کے مشہور کرانے کا مجاز ہے کسی خاص فعل سے باز رہنے یا کسی خاص مال کی نسبت جو اُسکے قبضہ یا اہتمام میں ہے کوئی خاص بندوبست کرنے کی ہدایت ہوئی ہے اور وہ شخص اُس ہدایت سے انحراف کرے تو اگر وہ انحراف انسان کی جان یا عافیت یا سلامتی کو خطرہ پہونچانے یا پہونچانے کی طرف منجر ہو یا کوئی بلوہ یا ہنگامہ برپا کرے یا برپا کرنے کی طرف منجر ہو تو اُس شخص کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	کسی شخص کو سرکاری ملازم سے درخواست محافظت کرنے سے باز رہنے کی تحریک کرنے کے لئے نقصان کی دھمکی دینا
۱۸۸	جو کوئی کسی شخص کو اس غرض سے نقصان پہونچانے کی دھمکی دے کہ وہ کسی نقصان سے محافظت کئے جانے کے لئے کسی ایسے سرکاری ملازم کے حضور میں حسب قانون درخواست کرنے سے باز رہے یا دست کش ہو جو اُس سرکاری ملازمت کی حیثیت سے ایسی محافظت

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	شخص کے روبرو جسکو قانوناً ایسے حلف یا اقرار صالح لینے کا اختیار ہے کسی امر میں سچ سچ بیان کرنا قانوناً واجب ہو اُس سرکاری ملازم یا اُس دوسرے شخص سے جسکا اوپر ذکر ہوا ہے اُس امر کی نسبت کچھ بیان کرے جو جھوٹا ہو اور جسکو وہ جھوٹا جانتا ہو یا جھوٹا باور کرتا ہو یا جسکو وہ سچا باور نہ کرتا ہو تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین ۳ برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	سرکاری ملازم سے اُسکا اختیار جائز کسی اور شخص کو نقصان پھونچانیکے لئے نافذ کرانے کی نیت سے جھوٹی خبر دینا
۱۸۲	جو کوئی شخص کسی سرکاری ملازم کو کوئی ایسی خبر دے جسکو وہ جھوٹی جانتا یا جھوٹی باور کرتا ہو اور اُسکی یہ نیت ہو یا اس امر کا احتمال اُسکے علم میں ہو کہ اُسکے ذریعہ سے اُس سرکاری ملازم سے — الف) کوئی ایسا امر کرائے یا ترک کرائے جسکا کرنا یا ترک کرنا اُس سرکاری ملازم کو نہ چاہیئے تھا اگر اُن واقعات کا سچا حال جنکی نسبت وہ خبر دی گئی ہے اُسکو معلوم ہوتا یا ب) اُسکی سرکاری ملازمت کا اختیار جائز کسی شخص کو نقصان یا رنج پہونچانے کے لیئے نافذ کرائے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد چھ ۶ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	مال کے لیئے جانے میں جو سرکاری ملازم کے اختیار جائز کی رو سے لیا جاتا ہو تعرض کرنا
۱۸۳	جو کوئی شخص کسی مال کے لیے جانے میں جو کسی سرکاری ملازم کے اختیار جائز کی رو سے لیا جاتا ہو کسی طرح کا تعرض کرے یہ جانکر یا باور کرنے کی وجہ رکھکر کہ وہ ویسا ہی سرکاری ملازم ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد چھ ۶ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	جھوٹی خبر دینا
۱۴۰	کوئی شخص جسپر کسی سرکاری ملازم کو اسکی سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی امر کی نسبت خبر دینی قانوناً واجب ہو اُس امر کی نسبت ایسی راست نما خبر دے جسکو وہ جھوٹی جانتا ہو یا جسکے جھوٹی باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	اگر وہ خبر کسی جرم وغیرہ کے ارتکاب سے متعلق ہو
۱۴۱	ایضاً۔ اگر وہ خبر جسکا دینا اُس شخص پر قانوناً واجب ہے کسی جرم کے ارتکاب سے متعلق ہو یا کسی جرم کے ارتکاب کی روک کے لیئے یا کسی مجرم کے گرفتار کرنے کے لیئے ضرور ہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	حلف اُٹھانا یا اقرار صالح کرنے سے انکار کرنا جب کوئی سرکاری ملازم اُسکا باضابطہ حکم دے
۱۴۲	جو کوئی شخص سچ سچ بیان کرنے کے لیئے حلف اُٹھانے یا اقرار صالح کرنے سے اُس حال میں انکار کرے جبکہ کوئی ایسا سرکاری ملازم اُسکو حلف اُٹھانے یا اقرار صالح کرنے کا حکم دے جو حلف اُٹھانے یا اقرار صالح کرنے کے لیئے حکم دینے کا قانوناً مجاز ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	اُس سرکاری ملازم یا شخص سے جو حلف یا اقرار صالح لینے کا اختیار رکھتا ہے بحلف یا باقرار صالح جھوٹ بیان کرنا
۱۴۳	کوئی شخص جسکو حلف یا اقرار صالح کی رو سے کسی ایسے سرکاری ملازم یا کسی ایسے دوسرے

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	وہ شخص سرکاری ملازم کے حضور میں دستاویز کا پیش کرنا ترک کرے جسپر اسکا پیش کرنا قانوناً واجب ہے
۳۷	کوئی شخص جسکو کسی سرکاری ملازم کے حضور میں اسکی سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی دستاویز کا پیش کرنا یا اسکا اُس ملازم کو حوالہ کر دینا قانوناً واجب ہے دستاویز مذکور کا پیش کرنا یا حوالہ کر دینا قصداً ترک کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک مہینے تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانسو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	وہ شخص سرکاری ملازم کو اطلاع یا خبر دینی ترک کرے جسپر اطلاع یا خبر دینی قانوناً واجب ہے
۳۸	کوئی شخص جسپر کسی سرکاری ملازم کو اُسکی سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی امر کی نسبت کوئی اطلاع دینی یا خبر کرنی قانوناً واجب ہے اُسوقت اور اُسطور پر جو قانون کی رو سے معین ہے وہ اطلاع دینی یا خبر کرنی قصداً ترک کرے تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک مہینہ تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانسو روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	غرقیدگی و فوتیدگی اتفاقیہ اور مرگ مشتبہ کی اطلاع کا راج میں وقت پر نہ کرنا اور چپ چاپ نعش کو دفن کر دینا یا داغ دیدینا
۳۹	جو کوئی شخص غرقیدگی و فوتیدگی اتفاقیہ اور مرگ مشتبہ کی اطلاع دینی یا خبر کرنی قصداً ترک کرے اور چپ چاپ نعش کو دفن کر دے یا داغ دیدے تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد پانچ برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	باب ۶ سرکاری ملازموں کے اختیارات جائز کی تحقیر کے بیان میں
	سرکاری ملازم کے سمن یا اطلاعنامہ کا اپنے پاس تک پہونچنا ٹال دینے کے لیئے روپوش ہو جانا
۳۵	جو کوئی شخص اسلیئے روپوش ہو جاے کہ کسی ایسے سرکاری ملازم کے جاری کیئے ہوے سمن یا اطلاعنامہ یا حکم کا اُس تک پہونچنا ٹلجائے جو اُس سرکاری ملازمت کی حیثیت سے اُس سمن یا اطلاعنامہ یا حکم کے جاری کرنے کا قانوناً مجاز ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانصد روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	حاضر ہونے کو جو سرکاری ملازم کے حکم کی تعمیل میں ہو ترک کرنا
۳۶	کوئی شخص جسکو کسی ایسے سرکاری ملازم کے جاری کیئے ہوے سمن یا اطلاعنامہ یا حکم یا اشتہار کی تعمیل میں جو اُس سرکاری ملازمت کی حیثیت سے اُس سمن یا اطلاعنامہ یا حکم یا اشتہار کے جاری کرنے کا قانوناً مجاز ہے کسی خاص مقام اور خاص وقت پر خود حاضر ہونا یا اپنے مختار کو حاضر کرنا قانوناً واجب ہو اور وہ شخص اُس موقع یا وقت پر حاضر ہونا قصداً ترک کرے یا اُس مقام سے جہاں اُسکو حاضر رہنا واجب ہے اُسوقت سے پہلے چلا جاے جبکہ اُس کا وہاں سے چلا جانا جائز ہے تو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار پانصد روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	سرکاری ملازم جو کسی شخص کو نقصان یا فائدہ پہونچانیکی نیت سے غلط دستاویز مرتب کرے
۳۲	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے اور جسکو اُس سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کوئی دستاویز تیار کرنے یا ترجمہ کرنے کو سپرد ہوئی ہے ایسے طور سے اُس دستاویز کو مرتب کرے یا اُسکا ترجمہ کرے جسکو وہ غلط جانتا یا غلط باور کرتا ہو اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ وہ اُس عمل سے کسی شخص کو نقصان یا فائدہ پہونچاے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین۳ برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی
	سرکاری ملازم جو ناجائز طور پر کوئی مال خریدے یا اُسکے لئیے بولی بولے
۳۳	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے اور جسپر اُس سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی خاص مال کو خرید نہ کرنا یا اُسکے لئیے بولی نہ بولنا قانوناً واجب ہے اُس مال کو اپنے نام سے یا کسی دوسرے شخص کے نام سے بالاشتراک خواہ اوروں کے ساتھ بہ تخصیص حصص خریدے یا اُسکے لئیے بولی بولے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی اور مال مذکور اگر خریدا گیا ہو تو ضبط کیا جائیگا۔
	جھوٹ موٹ سرکاری ملازم بننا
۳۴	جو کوئی شخص سرکاری ملازم کے طور پر کسی خاص عہدے پر منصوب ہونے کا ادعا کرے یہ جانکر کہ وہ اُس عہدے پر منصوب نہیں ہے یا جھوٹ موٹ کوئی ایسا شخص بنے جو اُس عہدے پر منصوب ہے اور اُس وضع ادعائی کی حالت میں عہدہ مذکور کے اعتبار سے کوئی فعل کرے یا کسی فعل کا اقدام کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

دفعات	تعریف جرم و سزا
	سرکاری ملازم کسی شخص سے جو کسی مقدمہ یا معاملہ سے تعلق رکھتا ہو جسکو اُس سرکاری ملازم نے انجام دیا کوئی قیمتی شے بلا بدل حاصل کرے
۲۰	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے کسی ایسے شخص سے جسکو اُسکے علم میں کسی ایسے مقدمہ یا معاملہ سے تعلق تھا یا تعلق ہے یا تعلق رکھنے کا احتمال ہے جسکو اُس سرکاری ملازم نے انجام دیا یا جسکو وہ انجام دینے والا ہے یا جو اُس سرکاری ملازم یا کسی اور سرکاری ملازم کے لوازم منصبی سے علاقہ رکھتا ہے جسکا وہ تابع ہے۔ یا کسی ایسے شخص سے جسکو وہ سرکاری ملازم جانتا ہے کہ وہ اُس شخص سے جسکو تعلق مذکور ہے کچھ واسطہ یا رشتہ رکھتا ہے کوئی قیمتی شے بغیر دینے بدل کے یا ایسے بدل پر جسکو وہ سرکاری ملازم غیر مکتفی جانتا ہوا اپنے واسطے یا کسی دوسرے شخص کے واسطے قبول کرے یا حاصل کرے یا قبول کرنے پر راضی ہو یا حاصل کرنے کی جہد کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	سرکاری ملازم جو کسی شخص کو نقصان پہونچانیکی نیت سے ہدایت قانون سے انحراف کرے۔
۲۱	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے قانون کی کسی ہدایت سے جو اُس طریقہ سے متعلق ہو جسمیں اُسکو سرکاری ملازمت کی حیثیت سے چلنا چاہیئے جان بوجھکر انحراف کرے اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ اُس انحراف سے کسی شخص کو نقصان پہونچائے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	اُس سے باز رہنے کے لیئے یا اپنے لوازم منصبی کے نفاذ میں کسی شخص کی طرفداری یا اُس شخص کے خلاف پر ہونے یا اُس سے باز رہنے کے لیئے یا سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی سرکاری ملازم کے روبرو کسی شخص کے ساتھ بھلائی یا برائی کرنے کے لیئے یا اُسکا اقدام کرنے کے لیئے اجر جائز کے سوا کسی شخص سے کسی طرح کا کوئی مابہ الاحتظاظ وجہ تحریک یا حق السعی کے طور پر اپنے واسطے خواہ کسی اور شخص کے واسطے قبول کرے یا حاصل کرے یا قبول کرنے پر راضی ہو یا حاصل کرنے کا اقدام کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین ۳ برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	مجرم کو سزا سے بچانے کیلئے رشوت لینا
۲۸	ایضاً مجرم کو سزا سے بچانے کے لیئے جو کوئی شخص رشوت لے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہو سکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	سرکاری ملازم کے ساتھ رسوخ ذاتی عمل میں لانیکے لیے رشوت لینا
۲۹	جو کوئی شخص اپنے ذاتی رسوخ کے عمل میں لانے سے کسی سرکاری ملازم کو اس بات کی تحریک کرنے کے لیئے کہ وہ سرکاری ملازم کوئی منصبی عمل کرے یا اُس سے باز رہے یا سرکاری ملازمت کی حیثیت سے اپنے لوازم منصبی کے نفاذ میں کسی شخص کی طرفداری کرے یا اُسکے خلاف پر ہو یا سرکاری ملازمت کی حیثیت سے کسی سرکاری ملازم کے روبرو کسی شخص کے ساتھ بھلائی یا برائی کرے یا اُسکا اقدام کرے۔ کسی شخص سے کسی طرح کا مابہ الاحتظاظ وجہ تحریک یا حق السعی کے طور پر اپنے واسطے خواہ کسی اور شخص کے واسطے قبول کرے یا حاصل کرے یا قبول کرنے پر راضی ہو یا حاصل کرنے میں جہد کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دی جائیگی جسکی میعاد ایک برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	کے حاصل کرنے میں جبر یا سختی عمل میں آوے تو اُس مجمع کا ہر ایک شخص بلوہ کرنیکے جرم کا مجرم ہوگا
	سزا
	جو کوئی شخص مجمع خلاف قانون کا شریک ہو یا بلوہ کرے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد چھ مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائیگی۔
	سلاح مہلک سے مسلح ہو کر کسی مجمع خلاف قانون کا شریک ہونا یا بلوہ کرنا
۲۵	جو کوئی شخص کسی سلاح مہلک یا کسی ایسی شئے سے مسلح ہو کر کہ اگر اُسکو حربہ کے طور پر کام میں لائیں تو اُس سے ہلاکت کا احتمال ہے کسی مجمع خلاف قانون کا شریک ہو یا بلوہ کرے تو اُسکو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	ہنگامہ کرنا
۲۶	جب دو یا زیادہ شخص آمدورفت عام کی کسی جگہ میں لڑنے سے امن عامہ خلائق میں خلل ڈالیں تو کہا جائیگا کہ وہ ہنگامہ کے مرتکب ہوئے۔
	سزائے ارتکاب ہنگامہ
	جو کوئی شخص ہنگامہ کا مرتکب ہو اُس شخص کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد ایک مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ کی سزا جسکی مقدار ایک سو روپیہ تک ہو سکتی ہے یا دونوں سزائیں دیجائیگی۔
	## باب ۵ اُن جرموں کے بیان میں جو سرکاری ملازموں سے سرزد ہوں یا اُن سے متعلق ہوں
	رشوت لینا
۲۷	جو کوئی شخص کہ سرکاری ملازم ہے یا سرکاری ملازمت کا امیدوار ہے کوئی منصبی عمل کرنے یا

دفعہ	تعریف جرم و سزا

باب ۸ اُن جرموں کے بیان میں جو آسودگی عامہ خلایق کے مخالف ہیں

مجمع خلاف قانون

۱۴۱ پانچ یا زیادہ شخصوں کا ہر ایک مجمع ۔ مجمع خلاف قانون کہلائیگا جبکہ اُن شخصوں کی جن سے وہ مجمع مرکب ہے غرض مشترک یہ ہو کہ

پہلے ۔ کسی سرکاری ملازم کو اُسکے اختیار جائیز کے استعمال میں جبر مجرمانہ یا جبر مجرمانہ کی نمائش سے ڈرائیں یا

دوسرے ۔ کسی ہدایت یا طریقہ معینہ کی تعمیل میں تعرض کریں یا

تیسرے ۔ کسی نقصان رسانی یا مداخلت بیجا مجرمانہ یا کسی اور جرم کا ارتکاب کریں یا

چوتھے ۔ کسی شخص پر جبر مجرمانہ یا جبر مجرمانہ کی نمائش کرنے کے ذریعہ سے کوئی مال لے لیں یا اُسپر قبضہ کریں یا کسی شخص کو کسی راستہ کی آمد و رفت یا کسی پانی کے کام میں لانے کے استحقاق یا کسی اور غیر مادی استحقاق کے تمتع سے جو شخص مذکور کے قبضہ میں ہو یا جس سے اُسکو تمتع ہو محروم کریں یا کسی استحقاق یا کسی استحقاق خیالی کو کام میں لائیں یا

پانچویں ۔ جبر مجرمانہ یا جبر مجرمانہ کی نمائش کرنے کے ذریعہ سے کسی شخص کو اُس فعل کے کرنے پر جسکا کرنا اُسپر قانوناً واجب نہ ہو یا ایسے فعل کے ترک کرنے پر جسکے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ہو مجبور کریں ۔

کسی مجمع خلاف قانون کا شریک ہونا

۱۴۲ جو کوئی شخص اُن امور سے واقف ہو کر جنکے باعث سے کوئی مجمع ۔ مجمع خلاف قانون ہو جاتا ہے قصداً اُس مجمع میں داخل ہو جائے یا داخل رہے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور مجمع خلاف قانون کا شریک ہے

بلوہ کرنا

۱۴۶ جب کبھی کسی مجمع خلاف قانون یا اُسکے کسی شریک کی جانب سے مجمع مذکور کی غرض مشترک

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	بھک سے اُڑنیوالی شئے کے ذریعہ سے بھک سے اُڑا دینے کی نیت سے کسی ایسے فعل کا مرتکب ہونا یا اُسکے ارتکاب میں سازش کرنا کہ جسکی وجہ سے کسی کی جان کو خطرہ یا مال کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہو
۲۰	جو کوئی کسی بھک سے اُڑنیوالی شئے کے ذریعہ سے بھک سے اُڑا دینے کی نیت سے کسی ایسے فعل کا مرتکب ہو یا اُسکے ارتکاب میں سازش کرے کہ جسکی وجہ سے علاقہ جیپور میں کسی کی جان کو خطرہ یا مال کو سخت نقصان پہونچنے کا پورا اندیشہ ہو تو اُسکو وہ سزا دیجائیگی جو مناسب تصور ہوگی۔
	ایسے مال کو اپنی تحویل میں رکھنا جو غارتگری سے حاصل کیا گیا ہو
۲۱	جو کوئی شخص کوئی مال و اسباب یہ جانکر لے کہ جو غارتگری سے حاصل کیا گیا ہے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد سات برس تک ہوسکتی ہے اور وہ شخص جرمانہ کا اور اُس مال و اسباب کی ضبطی کا بھی مستوجب ہوگا جسکو وہ اسطرح اپنے قبضہ میں لایا ہے۔
	سرکاری ملازم عمداً سنگین مجرم کو بھاگ جانے دے
۲۲	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے اور جسکی حراست میں کوئی سنگین مجرم ہو اُس مجرم کو کسی جگہ سے جہاں وہ محبوس ہے بالارادہ بھاگ جانے دے تو شخص مذکور کو حبس دوام یا دس برس تک قید کی سزا دیجائیگی اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	سرکاری ملازم کسی سنگین مجرم کو بسبب غفلت بھاگ جانیدے
۲۳	کوئی شخص جو سرکاری ملازم ہے اور جسکی حراست میں کوئی سنگین مجرم ہو غفلت سے اُس مجرم کو محبس سے جہاں وہ محبوس ہے بھاگ جانے دے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ	تعریف جرم و سزا
	قابو میں رکھے کہ اس وسیلہ سے کسی دوسرے شخص کو اس قابل بناوے کہ وہ ایسی شے کے ذریعہ شے کسی کی جان کو خطرہ میں ڈالے یا کسی کے مال کو نقصان عظیم پہونچاوے خواہ ریاست جے پور میں یا برٹش انڈیا میں یا کسی دیگر جگہ تو شخص مذکور کو وہ سزا دیجائیگی جو مناسب تصور ہوگی۔
	بھک سے اُڑنیوالی شے کو ایسی حالت میں باہر سے منگوانا کہ اُسپر یہ شبہہ کیئے جانیکے لیئے معقول وجہ ہو کہ اُسنے وہ شے جائز مقصد سے نہیں منگوائی
۱۸	ہر کوئی ایسی صورتوں میں کسی بھک سے اُڑنیوالی شے کو ایسی حالت میں باہر سے منگوائے یا یہاں تیار کرے یا دانستہ اپنے پاس یا اپنے قابو میں رکھے کہ جن صورتوں سے اُسپر یہ شبہ کیئے جانیکے لیے معقول وجہ ہو کہ اُسنے وہ شے جائز مقصد سے نہیں منگوائی یا نہیں بنائی یا اپنے پاس یا اپنے قابو میں نہیں رکھی تو اُس شخص کو وہ سزا دیجائیگی جو مناسب تصور ہوگی۔
	بھک سے اُڑنیوالی شے کو بدنیتی سے اسطور پر بھک سے اُڑانا کہ جس سے جے پور کی عملداری میں کسی جگہ پر کسی کی جان کو خطرہ یا کسی کے مال کو نقصان عظیم پہونچنے کا احتمال ہو
۱۹	جو کوئی بدنیتی سے کسی بھک سے اُڑنیوالی شے کو اسطور پر بھک سے اُڑا دے کہ جس سے جے پور کی عملداری میں کسی جگہ پر کسی کی جان کو خطرہ یا کسی کے مال کو نقصان عظیم پہونچنے کا احتمال ہو بلالحاظ اس امر کے کہ اس بھک سے اُڑا دینے کے فعل سے کسی کی جان یا مال کو کوئی نقصان واقعی پہونچا ہے یا نہیں تو اُسکو وہ سزا دیجائیگی جو مناسب تصور ہوگی۔

نمبر دفعہ	تعریف جرم و سزا
	کسی جرم کے ارتکاب میں اعانت کرے تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جسکی میعاد تین برس تک ہوسکتی ہے یا جرمانہ کی سزا یا قید اور جرمانہ دونوں سزائیں دیجائینگی۔
	باب ۳ جرائم خلاف ورزی با سرکار کے بیان میں
	سرکار انگلشیہ کے خلاف لوگوں کو بغاوت کی تلقین کرنا
۱۵	جو کوئی شخص سرکار انگلشیہ کے خلاف لوگوں کو بغاوت کی تلقین کرے یا کوئی الفاظ بغاوت کسی پرائیویٹ یا پبلک جلسہ کی تقریر میں یا راگ میں یا گفتگو میں یا کسی کاغذ کی تحریر میں استعمال کرے تو اُسکو وہ سزا دیجائیگی جو مناسب تصور ہوگی۔
	اخبار یا رسالہ وغیرہ جس میں باغیانہ مضامین یا باغیانہ تصاویر ہوں چھاپکر یا چھپواکر اعلان کرنا
۱۶	جو کوئی شخص کسی اخبار کو یا رسالہ کو یا کسی دیگر چھپے ہوئے یا لکھے ہوئے ایسے کاغذ کو کہ جسمیں باغیانہ مضامین یا باغیانہ تصاویر موجود ہوں چھاپکر یا چھپواکر اعلان کرے یا چھاپے یا کسی دیگر مقام سے منگوائے یا اپنے پاس رکھے یا پبلک یا پرائیویٹ طور پر پھیلائے تو اُسکو وہ سزا دیجائیگی جو مناسب تصور ہوگی۔
	بھک سے اُڑنیوالی شے کو اس نیت سے منگوانا کہ اُسکے ذریعہ سے جیپور کی عملداری میں یا انگریزی عملداری میں یا کسی دیگر جگہ میں کسی کی جان کو خطرہ میں ڈالے
۱۷	جو کوئی شخص کسی بھک سے اُڑنیوالی شے کو اس نیت سے کہ اُسکے ذریعہ سے جیپور کی عملداری میں یا انگریزی عملداری میں یا کسی دیگر جگہ میں کسی کی جان کو خطرہ میں ڈالے یا کسی کے مال کو نقصان عظیم پہونچائے باہر سے منگوائے یا یہاں تیار کرے یا اپنے پاس رکھے یا اپنے

دفعات	تعریف جرم وسزا
	جسکی میعاد سات برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	اگر جرم کا ارتکاب نہ ہوا ہو
۱۱	ایضاً اگر جرم کا ارتکاب واقع نہوا ہو تو تین برس تک قید کی سزا دیجائیگی اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔
	اُس جرم میں اعانت کرنا جسکی سزا قید ہے اگر جرم کا ارتکاب اعانت کے سبب سے نہ ہو
۱۲	جو کوئی شخص کسی جرم میں اعانت کرے جسکی پاداش میں قید کی سزا مقرر ہے تو اگر اُس جرم کا ارتکاب اُس اعانت کے باعث سے واقع نہوا اور ایسی اعانت کی نسبت اس مجموعہ میں کوئی خاص سزا معین نہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی جو اُس جرم کے پاداش میں مقرر ہے اور اُسکی میعاد اُس قید کی بڑی سے بڑی میعاد کی ایک چوتھائی تک ہوسکتی ہے جو اُس جرم کیلئے مقرر ہے یا اُس جرمانہ کی سزا دیجائیگی جو جرم مذکور کیلئے مقرر ہے یا قید اور جرمانہ دونوں سزائیں دیجائیگی۔
	اگر معین یا معان سرکاری ملازم ہو جسپر اُس جرم کا روکنا لازم ہے
۱۳	اگر معین یا معان سرکاری ملازم ہو جسپر ایسے جرم کے ارتکاب کا روکنا لازم ہے تو معین کو قید کی سزا دیجائیگی جو اُس جرم کی پاداش میں مقرر ہے اور اُسکی میعاد اُس قید کی بڑی سے بڑی میعاد کی ایک نصف تک ہوسکتی ہے جو اُس جرم کے لئے مقرر ہے یا اُس جرمانہ کی سزا دیجائیگی جو اُس جرم کیلئے مقرر ہے یا قید اور جرمانہ دونوں سزائیں دیجائیگی۔
	اُس جرم کے ارتکاب میں اعانت کرنا جسکو عامہ خلائق یا دس سے زیادہ شخص کریں
۱۴	جو کوئی شخص اکثر عامہ خلائق کو یا اشخاص کے کسی گروہ یا طبقے کو جو دس شخص سے زیادہ ہو

تعریف جرم و سزا

باب۲ اعانت کے بیان میں

کسی امر میں اعانت کرنا

۹ ہر وہ شخص کسی امر کے کرنے میں اعانت کرتا ہے جو
پہلے۔ کسی شخص کو اس امر کے کرنے کی ترغیب دے یا
دوسرے۔ اُس امر کے کرنے کیلئے مشورہ میں ایک یا چند شخص کا شریک ہو بشرطیکہ اُس مشورہ کے مطابق عمل کرنیسے اور اس غرض سے کہ وہ امر وقوع میں آئے کوئی فعل یا ترک خلاف قانون واقع ہو یا
تیسرے۔ بذریعہ کسی فعل یا ترک خلاف قانون کے اُس امر کے کرنے میں قصداً مدد کرے۔

معین

جو شخص کسی جرم کے ارتکاب میں یا کسی ایسے فعل کے ارتکاب میں اعانت کرے کہ اگر معین کی سی نیت یا علم سے اسکا ارتکاب وہ شخص کرتا جو ارتکاب جرم کے قابل ہے تو وہ فعل جرم ہوتا تو شخص مذکور نے اُس جرم میں اعانت کی۔

اعانت کی سزا

جو کوئی شخص کسی جرم میں اعانت کرے تو اگر اُس اعانت کے باعث سے اُس فعل کا ارتکاب ہو جسمیں اعانت کیگئی ہے اور اس مجموعہ میں ایسی اعانت کی سزا کی نسبت کوئی صریح حکم نہ ہو تو اُس شخص کو وہی سزا دیجاویگی جو جرم مذکور کے لئے مقرر ہے۔

اُس جرم میں اعانت کرنا جسکی سزا موت یا حبس دوام ہے اگر جرم کا ارتکاب اعانت کے سبب سے نہ ہو

۱۰ جو کوئی شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب میں اعانت کرے جسکی پاداش میں سزائے موت یا حبس دوام مقرر ہے تو اگر اُس جرم کا ارتکاب اُس اعانت کے باعث سے واقع نہوا اور ایسی اعانت کی نسبت اس مجموعہ میں کوئی خاص سزا معین نہو تو شخص مذکور کو قید کی سزا دیجائیگی

تعریف جرم و سزا

باب ۴

اُس شخص کا فعل جو نشہ میں ہونیکے سبب کہ اُسمیں وہ حالت اُسکے بے مرضی پیدا کردیگئی ہے عقل کام میں لانیکے قابل نہ ہو

۴ اگر کوئی شخص نشہ کی حالت میں مرتکب کسی فعل کا ہو جسکی ماہیت کے سمجھنے کی بوجہ نشہ کے اُسکو قابلیت نرہی ہو تو وہ فعل داخل جرم نہیں ہے بشرطیکہ اُسکو نشہ بلا اُسکے علم یا خلاف اُسکے مرضی کے پلایا گیا ہو۔

فعل جو نیک نیتی سے کسی شخص کے فایدے کیلئے بے رضامندی کیا گیا ہے

۵ اگر کوئی جراح نیک نیتی سے کوئی عمل جراحی عمل میں لائے تو یہ فعل جراح کا داخل جرم نہوگا گو فعل مذکور نتیج بہ ہلاکت یا کسی مضرت کے ہو۔

فعل جو نقصان خفیف کا باعث ہو

۶ اگر کسی شخص کے فعل سے کوئی نقصان کسی شخص کو پہونچے تو وہ فعل جرم نہیں ہے بشرطیکہ وہ نقصان ایسا خفیف ہو کہ متوسط فہم کا آدمی اُس نقصان کا شاکی نہ ہو مثلاً کوئی شخص کسی دوسرے شخص کی دوات میں سے ڈوبا سیاہی کا لیلے تو فعل مذکور داخل سرقہ نہیں

کوئی امر جو حفاظت خود اختیاری میں کیا جا جرم نہیں ہے

۷ کوئی امر جرم نہیں ہے جو استحقاق حفاظت خود اختیاری کے نافذ کرنے میں کیا جاے۔

حد نفاذ استحقاق حفاظت خود اختیاری

۸ استحقاق حفاظت خود اختیاری کسی حالت میں اُس سے زیادہ نقصان پہونچانے پر محیط نہیں ہے جسکا پہونچانا حفاظت کے لئیے ضروری ہے

قانون جرایم و سزا

تعریف جرم و سزا	نمبر دفعہ

باب استثنیات عامہ کے بیان میں

سات برس سے کم عمر کے طفل کا فعل

۱ کوئی امر جو سات برس سے کم عمر کا طفل کرے جرم نہیں ہے۔

سات برس سے زیادہ اور بارہ برس سے کم عمر کے طفل کا فعل جو کافی پختگی عقل نر کھتا ہو

۲ کوئی امر جرم نہیں ہے جو سات برس سے زیادہ اور بارہ برس سے کم عمر کا طفل کرے اگر اُسکی عقل ایسی پختگی کو نہ پہونچی ہو کہ وہ اپنی اُس فعل کی ماہیت اور اُسکے نتیجوں کی برائی بھلائی سمجھ سکے۔

اُس شخص کا فعل جسکی عقل میں فتور ہو

۳ کوئی امر جرم نہیں ہے جسکو ایسا شخص کرے جو کرتے وقت فتور عقل کے سبب سے اپنے فعل کی ماہیت یا یہ جاننے کے قابل نہ ہو کہ وہ جو کر رہا ہے بیجا یا خلاف قانون ہے۔

فہرست مضامین قانون جرائم وسزا

فہرست مضامین قانون جرائم و سزا

فہرست مضامین قانون جرائم و سزا

فہرست مضامین قانون جرائم و سزا

فہرست مضامین قانون جرائم و سزا

فہرست مضامین قانون جرائم و سزا

فہرست مضامین قانون جرائم وسزا

فہرست مضامین قانون جرائم و سزا

فہرست مضامین قانون جرائم وسزا

بہمایوں عہد دولت مہد میجر جنرل ہز ہائنس سرآمد راجہائے ہندوستان راج راجیندر
سری مہاراجہ دھیراج سپر سوائی مادھو سنگھ جی بہادر جی۔سی۔ایس۔آئی۔جی۔سی
وی۔او۔میمبر آف دی فرسٹ کلاس آف دی آرڈر آف دی کراون آف پرشیہ
ایل۔ایل۔ڈی۔ایڈنبرا دام اقبالہم
و بہ زمان مصاحبت آنریبل نواب ممتاز الدولہ سر محمد فیاض علی خاں جی بہادر
کے۔سی۔آئی۔اے۔کے۔سی۔ڈی۔او۔سی۔ایس۔آئی

قانون جرائم و سزا

سنہ ۱۹۱۴ء

بار دوم

مرتبہ خان بہادر محمد احمد علی خاں جی میمبر محکمہ محتشمہ عالیہ کونسل راج سوائی جیپور
صیغہ عدالتین وریٹائرڈ جج ممالک متحدہ آگرہ واودھ و میمبر انڈین لا رپورٹ
ٹرانسلیشن سوسائٹی

باہتمام کارکنان بال چندر پریس شہر جیپور مطبوع شد